★ حق کی آواز، عوامی ترجمان ★
E PAPER DAILY VOICE OF ASIA LAHORE
روزنامہ وائس آف ایشیا
بانی: محمد جمیل بھٹی (مرحوم)
چیف ایڈیٹر ذیشان جمیل بھٹی
چیف ایگزیکٹو: محمد طفیل ٹیپو
ڈپٹی ایڈیٹر تجمل عباس بھٹی
ڈپٹی نیوز ایڈیٹر ارشاد احمد شاد
جلد نمبر 01 | جمعرات 22 اکتوبر 2026ء، 08 کاتک، 10 جمادی الاول 1448ھ، صفحات 4، قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 226

بھارت نے اگر پاکستان کا پانی روکا تو اسے جنگی اقدام تصور کیا جائے گا، وزیراعظم

مذاکرات میں اقتصادی تعاون کو خصوصی اہمیت دی گئی، شہباز شریف کی مالدیپ کے صدر کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس، وفود کی سطح پر مذاکرات، 20 مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ

شہباز شریف نے وزیراعظم ہاؤس آمد پر مالدیپ کے صدر کا استقبال کیا اور ان کے اعزاز میں گارڈ آف آنر کی تقریب منعقد کی۔ صدر معیزو نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا اور وزیراعظم ہاؤس میں یادگار کے طور پر پودا بھی لگایا

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پانی پاکستان کی ریڈ لائن ہے، بھارت نے پانی روکا تو اسے جنگی اقدام تصور کیا جائے گا، پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے نہیں دیں گے۔ یہ بات انہوں نے مالدیپ کے صدر کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس میں کہی۔ قبل ازیں وزیراعظم شہباز شریف اور مالدیپ کے صدر کے درمیان وفود کی سطح پر مذاکرات ہوئے اور 20 مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ کیا گیا۔ سرکاری میڈیا کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف اور مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کے درمیان آج وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات ہوئی اور بعدازاں دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح وفود کی سطح پر اجلاس بھی ہوا۔ شہباز شریف نے وزیراعظم ہاؤس آمد پر مالدیپ کے صدر کا استقبال کیا اور ان کے اعزاز میں گارڈ آف آنر کی تقریب منعقد کی۔ صدر معیزو نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا اور وزیراعظم ہاؤس میں یادگار کے طور پر پودا بھی لگایا۔ مذاکرات کے دوران دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور مالدیپ کے دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا اور علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے

باقی صفحہ 3 بقیہ 15

مدینہ منورہ پر 5 ڈرونز سے حملہ، سعودی اتحادی افواج نے تباہ کرنے کا دعویٰ کر دیا

یہ پیش رفت سعودی عرب میں فضائی خطرات اور خطے میں جاری کشیدگی کے تناظر میں سامنے آئی ہے



مدینہ منورہ (وائس آف ایشیا) سعودی قیادت میں قائم اتحادی افواج نے دعویٰ کیا ہے کہ مدینہ منورہ ... سعودی عرب کے مشرقی علاقوں کی جانب آنے والے

باقی صفحہ 3 بقیہ 14

وزیراعلیٰ پنجاب کے "محفوظ پنجاب وژن" کی تکمیل کیلئے پنجاب پولیس دن رات کوشاں ہے، آئی جی پنجاب

پنجاب پولیس کے شرپسند، دہشت گرد و جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز جاری، رواں سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں ایک لاکھ 25 ہزار سے زائد سرچ و کومبنگ آپریشنز، 37 لاکھ 30 ہزار سے زائد افراد سے پوچھ گچھ کی گئی

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا محفوظ پنجاب ویژن، 19 ہزار سے زائد مشتبہ افراد کو حراست میں لیا گیا، مشتبہ افراد کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولیاں برآمد، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (سینئر کرائم رپورٹر سے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے محفوظ پنجاب ویژن کے تحت پنجاب پولیس کے لاہور سمیت صوبہ بھر میں شرپسند، دہشت گرد اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سرچ اینڈ کومبنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ رواں سال کے دوران لاہور سمیت صوبہ بھر میں ایک لاکھ 25 ہزار سے زائد سرچ و کومبنگ آپریشنز کیے گئے، اس دوران دوران 37 لاکھ 30 ہزار سے زائد افراد سے پوچھ گچھ کی گئی جبکہ 19 ہزار سے زائد مشتبہ افراد کو حراست میں لیا گیا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ سرچ و کومبنگ آپریشنز کے دوران مشتبہ افراد کے قبضے سے 102 کلاشنکوف، 3 ہزار 445 پسٹلز، 281 بندوقیں، 311 رائفلیں، 92 ریوالور اور بھاری تعداد میں گولیاں برآمد کی گئیں۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے سرچ، سویپ اور انٹیلی جنس بیسڈ کومبنگ آپریشنز میں مزید تیزی لانے کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ حساس مقامات، تعلیمی اداروں، بس اڈوں، ہوٹلز اور سرائے میں

باقی صفحہ 3 بقیہ 16

پنجاب امام مسجد اعزازیہ پروگرام کے تحت ساڑھے 14 ارب روپے تقسیم، 76 ہزار سے زائد مساجد رجسٹرڈ

حکومت ہر سال 20 ارب روپے سے زائد اعزازیہ فراہم کر رہی جبکہ مساجد کی جیوٹیگنگ جاری ہے، سیکرٹری داخلہ کی بریفنگ

صوبائی حکومت کی ہدایت پر محکمہ داخلہ اعزازیہ پروگرام برائے امام مسجد صاحبان کی نگرانی یقینی بنا رہا ہے، ڈاکٹر احمد جاوید قاضی

لاہور (نمائندہ خصوصی) حکومت پنجاب نے صوبے کو امن کا گہوارہ بنانے کیلئے وزیراعلیٰ پنجاب اعزازیہ پروگرام برائے امام مسجد صاحبان کے تحت جنوری 2026 سے اب تک ساڑھے 14 ارب روپے کی خطیر رقم باعزت و آسان طریقے سے فراہم کی۔ 76000 سے زائد مساجد کی رجسٹریشن کا میابی سے مکمل جبکہ مساجد کی جیوٹیگنگ کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ امام مسجد صاحبان کا منبر و محراب کے ذریعے معاشرے میں قیام امن کیلئے اہم کردار ہے۔ محکمہ داخلہ میں وزیراعلیٰ پنجاب اعزازیہ پروگرام برائے امام مسجد صاحبان کی سٹیئرنگ کمیٹی کا پانچواں اجلاس منعقد ہوا جس میں اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس کی صدارت صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق نے کی۔ سیکرٹری داخلہ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے اعزازیہ پروگرام برائے امام مسجد صاحبان بارے بریفنگ دی۔ سپیشل سیکرٹری داخلہ فیصل فرید، سی ای او سنٹر برائے انسداد دہشت گردی غلام صغیر شاہد، ڈی جی پی آئی ٹی بی سید قاسم افضل، ہیڈ ٹرانزیکشن بینک آف پنجاب شرجیل رضا خان، چیف ایگزیکٹو آفیسر چیریٹیز کمیشن کرنل شہزاد امیر، ایڈیشنل سیکرٹری سپیشل انشیکو نشا اشتیاق، ایڈیشنل سیکرٹری انٹرنل سکیورٹی جویریہ مقبول، ایڈیشنل سیکرٹری

باقی صفحہ 3 بقیہ 7

پنجاب کو بیٹیوں کیلئے محفوظ بنا دیا، موافق مواقعوں کی فراہمی اولین ذمہ داری ہے، مریم نواز

وزیراعلیٰ کا کنیئرڈ کالج کی پوزیشن ہولڈر طالبات کیلئے لیپ ٹاپ، پانچ بسیں فراہم کرنے کا اعلان، یہاں پر موجود ہر لڑکی کامیابی کی مکمل داستان ہے

پنجاب کو فرینڈلی صوبہ بنا دیا، پولیس اور بیوروکریسی کو چلانا مشکل کام، مشکلات سے گھبرانا نہیں یہ زندگی کا حصہ ہے، خواتین کیخلاف جرائم قبول نہیں، خطاب

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ مریم نواز نے کنیئرڈ کالج کی طالبات کیلئے لیپ ٹاپ اور پانچ بسیں فراہم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ کنیئرڈ کالج کے 89 ویں کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ مریم نواز نے اساتذہ کرام اور والدین کو خصوصی طور پر مبارکباد پیش کی اور کہا کہ یہاں موجود ہر لڑکی کامیابی کی ایک مکمل داستان ہے۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا بہت بڑی کامیابی ہے۔ جانتی ہوں کہ گرل ہونے کی وجہ سے خواب پورے کرنا مشکل ہوجاتے ہیں۔ لڑکا محنت کرتا ہے تو کہتے ہیں اسے آگے جانا ہے، لڑکی محنت کرتی نظر آتے تو کہتے ہیں، اسے اپنی پڑی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیٹیوں کو کام کیلئے موافق مواقع مہیا کرنا میری ذمہ داری ہے تاکہ والدین کسی بیٹی کو اکیلے بھیجتے ہوئے پریشان نہ ہوں۔ میں نے پنجاب کی بیٹیوں کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے تین سال دن رات محنت کی اور پنجاب کو وومین فرینڈلی صوبہ بنایا۔ بچیوں کو سکوٹی، رکشے چلاتے اور کام کرتے دیکھ کر خوشی ہوتی ہے۔ صبح یونیورسٹی اور شام کو اوبر چلانے والی بچی کی ویڈیو دیکھ کر بہت خوشی ہوئی۔ آپ کسی سے کم نہیں اور نہ ہی پیچھے ہیں، کبھی فکر نہ کریں۔ زندگی میں چیلنجز آتے رہتے ہیں، باری باری سب سے ڈیل کریں۔ انہوں نے کہا مجھے بھی سننا پڑا تھا، پنجاب مشکل صوبہ

باقی صفحہ 3 بقیہ 10

امریکا دھمکیاں بھی دے اور مذاکرات بھی چاہے، یہ قابل قبول نہیں، ایرانی صدر

ایرانی صدر کا یہ بیان تہران اور واشنگٹن کے درمیان جاری کشیدگی اور سفارتی رابطوں کے تناظر میں سامنے آیا ہے



تہران (وائس آف ایشیا) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ امریکا ایران کی ناکہ بندی اور دھمکیاں جاری رکھتے ہوئے بیک وقت مذاکرات کی توقع نہیں کرسکتا۔ ان کے مطابق تمام راستے بند کرکے اور دھمکی آمیز رویہ اختیار کرکے ایران کو بات چیت پر آمادہ کرنے کی کوشش قابل قبول نہیں۔ الجزیرہ کے مطابق ایرانی صدر

باقی صفحہ 3 بقیہ 6

ہمارے لیے پاکستان کے ساتھ تعلقات برقرار رکھنا ضروری ہے، امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو

پاکستان ایک جوہری طاقت کا حامل ملک ہے اور جغرافیائی اعتبار سے امریکا کو اس کے ساتھ رابطہ رکھنا ضروری ہے



ممبئی (وائس آف ایشیا) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ جغرافیائی اہمیت اور پاکستان کی جوہری صلاحیت کے باعث امریکا کے لیے اسلام آباد کے ساتھ تعلقات برقرار رکھنا ضروری ہے۔ انہوں نے اس ضرورت کا موازنہ بھارت کے ایران کے ساتھ تعلقات سے کیا۔ بھارتی ٹی وی نیٹ ورک 18 کو انٹرویو دیتے

باقی صفحہ 3 بقیہ 13

عدالتیں مستقبل کے ممکنہ قوانین کو روکنے کے لیے پیشگی فیصلہ نہیں کرسکتیں، اسلام آباد ہائیکورٹ

نیب ترامیمی آرڈیننس کی قانونی مدت ختم ہونے کے بعد وہ خود ہی منسوخ ہو چکا ہے، تحریری فیصلہ

قائم مقام صدر مملکت نے یہ آرڈیننس 27 مئی 2024 کو جاری کیا تھا، تاہم اسے پارلیمنٹ سے توسیع نہیں ملی اور نہ ہی باقاعدہ ایکٹ بنایا گیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ایک فیصلے میں ریمارکس دیے ہیں کہ عدالتیں مستقبل کے ممکنہ قوانین کو روکنے کے لیے پیشگی فیصلہ نہیں کرسکتیں۔ عدالت عالیہ نے نیب کی حراست میں جسمانی ریمانڈ کی مدت 14 سے بڑھا کر 40 روز کرنے کے آرڈیننس کے خلاف آئینی درخواست غیر مؤثر ہونے پر نمٹا دی۔ جسٹس انعام امین منہاس نے تحریری فیصلے میں قرار دیا کہ نیب ترامیمی آرڈیننس کی قانونی مدت ختم ہونے کے بعد وہ خود ہی منسوخ ہو چکا ہے، اس لیے اس کے خلاف عدالت کے سامنے کوئی تنازع موجود نہیں رہا۔ عدالت کے مطابق آرڈیننس کی میعاد ختم ہونے کے بعد

باقی صفحہ 3 بقیہ 5

پی ٹی آئی اور حکومت کے مذاکرات چند دنوں میں دوبارہ شروع ہو سکتے ہیں، عامر ڈوگر

خیبر پختونخوا میں بانی چیئرمین کی مرضی کے بغیر کوئی وزیراعلیٰ نہیں آ سکتا، چیف وہپ



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی چیف وہپ عامر ڈوگر نے آئندہ دنوں میں مذاکرات دوبارہ شروع ہونے کا عندیہ دے دیا۔ عامر ڈوگر نے کہا کہ آئندہ کچھ دنوں میں مذاکرات دوبارہ شروع ہو سکتے ہیں۔ بانی چیئرمین کی مرضی کے بغیر وزیراعلیٰ کی تبدیلی

باقی صفحہ 3 بقیہ 8

بلدیاتی انتخابات 2015 کے قانون کے تحت کروانے کا حکم، انتخابی شیڈول بھی جاری

الیکشن کمیشن نے اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات کا شیڈول بھی جاری کر دیا، پولنگ 20 دسمبر کو ہوگی

14 اکتوبر کو حتمی حلقہ بندیاں شائع کر دی گئیں، وزارت داخلہ کو صدارتی حکم کی مدت ختم ہونے سے متعلق دو مرتبہ یاددہانی کے خطوط بھجوائے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن نے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات 2015 کے بلدیاتی قانون کے تحت کروانے کا حکم دے دیا، کمیشن کے حکم کے بعد انتخابی شیڈول بھی جاری کر دیا گیا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں پانچ رکنی کمیشن نے سماعت کی۔ سیکرٹری داخلہ اور الیکشن کمیشن حکام پیش ہوئے۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا نے کمیشن کا مختصر حکم نامہ بھی پڑھ کر سنایا جس میں اسلام آباد میں 2015 کے قانون کے مطابق انتخابات کروانے کا حکم دیا گیا۔ اسپیشل سیکرٹری الیکشن کمیشن ظفر اقبال ملک نے بریفنگ دی کہ اسلام آباد میں چھ مرتبہ حلقہ بندیاں کی جا

باقی صفحہ 3 بقیہ 12

یتیم بچے وسیم کو گاڑی تلے کچل کر قتل کرنیوالا ملزم پولیس مقابلے میں ہلاک

ملزم اپنے ایک ساتھی کے ہمراہ موٹر سائیکل پر ناردرن بائی پاس سے گزر رہا تھا

بہاولپور (کرائم رپورٹر) معصوم یتیم بچے وسیم عباس کو گاڑی تلے کچل کر ہلاک کرنے کا ملزم توقیر نذیری سی ڈی بہاولپور کے ساتھ مبینہ پولیس مقابلے میں مارا گیا جبکہ اس کا ساتھی فائرنگ کرتا ہوا فرار ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق ملزم توقیر نذیر نے گزشتہ روز ملتان میں 15 سالہ

باقی صفحہ 3 بقیہ 3

پاکستانی اور سعودی انویسٹرز کی ایک دوسرے کو رئیل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کی دعوت

لاہور (کامرس رپورٹر) لیک سٹی گالف اینڈ کنٹری کلب میں سعودی پاک رئیل اسٹیٹ ایکسپو کا

باقی صفحہ 3 بقیہ 4

اسلام آباد سپر لانگ مارچ 23 اکتوبر کو شروع ہو جائیگا، جماعت اسلامی

لاہور (وائس آف ایشیا) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ 23

باقی صفحہ 3 بقیہ 9

پی ٹی آئی میں دراڑیں؛ سینئر رہنماؤں کے ایک دوسرے پر الزامات اور دھمکیاں

سلمان اکرم راجہ کی پوسٹ پر علی امین گنڈاپور اور ارکان صوبائی اسمبلی کے سخت تحفظات

پشاور (نمائندہ خصوصی) پی ٹی آئی میں دراڑیں ظاہر ہونا شروع ہو گئیں، پارٹی کے سینئر رہنما ایک دوسرے پر سنگین الزامات لگانے کے ساتھ دھمکیاں دینے پر اتر آئے۔ پاکستان تحریک انصاف میں سلمان اکرم راجہ کی سوشل میڈیا پوسٹ کے بعد اختلافات سامنے آگئے،

باقی صفحہ 3 بقیہ 11

وزرائے اعظم و وزراء آتے جاتے رہتے، سرکاری ملازمین سیاسی دباؤ سے ہرگز متاثر نہ ہوں، آئینی عدالت

سیاستدانوں کے سرکاری ملازمین کے کام میں مداخلت سے بدعنوانی، اقربا پروری جیسی برائیاں جنم لیتی ہیں

عدالت نے پولیس افسر ترقی کیس میں سول سرونٹس کیلئے قائداعظم کی تقریر کی بنیاد پر اصول بیان کر دیئے

باقی صفحہ 3 بقیہ 2

روس نے پاک افغان کشیدگی کے خاتمے کیلئے ثالثی کی پیشکش کر دی

سرحدی بندش سے نہ صرف پاک افغان، وسط ایشیائی ممالک، روس کیساتھ بھی تجارت متاثر ہو رہی ہے، سفیر البرٹ

کابل سے دراندازی کی جاتی، افغانستان ایسی گرہ ہے جسے پاکستان، روس کھولنے کی کوشش میں ہیں، فیصل ترمذی



پشاور: گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی جماعت اسلامی کے صوبائی امراء سے گفتگو کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا کے انضمام شدہ علاقوں میں شمسی توانائی پلانٹس کیلئے ساڑھے 13 ارب مختص

وزیراعظم جلد 5 ہزار سے زائد گھروں کیلئے شمسی توانائی یونٹ کی فراہمی کا اعلان کریں گے، وزیر منصوبہ بندی

پارلیمنٹ سمیت ملک بھر میں سگریٹ نوشی پر پابندی کے قانون پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے پارلیمنٹ سمیت ملک بھر میں سگریٹ نوشی پر پابندی کے قانون پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، خیبر پختونخوا کے انضمام شدہ علاقوں میں شمسی توانائی پلانٹس کیلئے ساڑھے 13 ارب مختص کر دیئے، قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا خیبر پختونخوا میں گزشتہ سال ساڑھے 13 ارب سابق فاٹا کے اضلاع میں سولر سسٹم کے یونٹ تقسیم کرنے کیلئے دیئے لیکن سابق حکومت نے کچھ نہیں کیا، وزیراعظم جلد 5 ہزار سے زائد گھروں کیلئے شمسی توانائی یونٹ کی فراہمی کا اعلان کریں گے



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کنیئرڈ کالج میں کانووکیشن سے خطاب کر رہی ہیں

PTI کے اندر سے بھی آوازیں اٹھ رہیں مزاحمت نہیں سیاست کرنی چاہیے، خواجہ آصف

سیاست میں نو ریٹرن والی کوئی پالیسی نہیں ہوتی، کل کے دوست دشمن اور دشمن آج کے دوست ہو جاتے ہیں

پی ٹی آئی قیادت سوشل میڈیا کے اثر سے نکل جائے تو اچھا ہے، سیاست کرے گی تو بہت سپیس مل جائیگی

اسلام آباد (وائس آف ایشیا) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے پی ٹی آئی قیادت سوشل میڈیا کے اثر سے نکل جائے تو اچھا ہوگا، فضل الرحمٰن نے سخت گفتگو کی صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا سیاست میں نو ریٹرن والی کوئی پالیسی نہیں ہوتی، کل کے دوست دشمن اور دشمن آج کے دوست ہو جاتے ہیں، پی ٹی آئی کے اندر سے آوازیں اٹھ رہی ہیں مزاحمت نہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ 1

فضل الرحمٰن ماضی کے بیانات، موجودہ موقف میں تضاد کی وضاحت کریں، دانیال چودھری


قوم دہشتگردی، شہدا کی قربانیوں اور قومی سلامتی کے معاملات پر امیر جے یو آئی سے جواب طلب کر رہی ہے

9 مئی واقعات، دہشتگردی کیخلاف جانیں قربان کرنیوالے اہلکاروں کی قربانیوں کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات بیرسٹر دانیال چودھری نے کہا ہے کہ فضل الرحمٰن ماضی کے بیانات، موجودہ موقف میں تضاد کی وضاحت کریں، قوم دہشتگردی، شہدا کی قربانیوں اور قومی سلامتی کے معاملات پر امیر جے یو آئی سے جواب طلب کر رہی ہے، صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے دانیال چودھری نے کہا 9 مئی واقعات، دہشت گردی کیخلاف جانیں قربان کرنیوالے اہلکاروں کی قربانیوں کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا، قوم جاننا چاہتی آیا ماضی کے بیانات غلط تھے یا موجودہ موقف میں کوئی تضاد ہے، بلوچستان حکومت نے دہشتگردی کیخلاف اقدامات میں تعاون کیا، خیبر پختونخوا حکومت نے بعض معاملات میں سیاسی مفادات کو ترجیح دی، دہشتگردی کیخلاف جنگ میں وفاق، صوبائی حکومتوں کے درمیان مؤثر تعاون ضروری ہے۔



ستاروں کی دنیا



اداکار اعجاز اسلم کی بعض گناہوں کو معمول کی بات سمجھنے کے رجحان کی نشاندہی

لوگ بعض گناہ کے کاموں کے اتنے عادی ہو چکے ہیں کہ اب انہیں گناہ تصور بھی نہیں کرتے

لاہور (وائس آف ایشیا) پاکستانی اداکار اعجاز اسلم نے سوشل میڈیا پر ایک پیغام شیئر کیا ہے جس میں معاشرے میں بعض گناہوں کو معمول کی بات سمجھنے کے رجحان کی نشاندہی کی گئی ہے۔اداکار کے پیغام میں روزمرہ استعمال ہونے والے الفاظ اور اصطلاحات جیسے ڈرنک، ڈیٹ، چائے پانی، سود، فیشن اور دوستی کا ذکر کرتے ہوئے ان کے ساتھ ایسے اعمال کی جانب توجہ دلائی گئی ہے جنہیں دینی اعتبار سے گناہ سمجھا جاتا ہے۔پیغام کا بنیادی نکتہ یہ ہے کہ لوگ بعض گناہ کے کاموں کے اتنے عادی ہو چکے ہیں کہ اب انہیں گناہ تصور بھی نہیں کرتے۔انہوں نے زور دیا ہے کہ انسان اپنے اعمال کے لیے استعمال ہونے والی زبان اور اصطلاحات پر غور کرے، کیونکہ بعض اوقات عام الفاظ کسی غلط عمل کو بھی معمول کی بات بنا دیتے ہیں۔اعجاز اسلم نے اس پیغام سے اتفاق کرتے ہوئے اسے بالکل درست قرار دیا ہے۔واضح رہے کہ اعجاز اسلم پاکستان کے معروف اداکار، ماڈل اور فیشن ڈیزائنر ہیں، جو کئی برسوں سے شوبز انڈسٹری سے وابستہ ہیں۔ انہوں نے مختلف ٹی وی ڈراموں اور سٹ کامز میں اپنی اداکاری سے پہچان بنائی، جبکہ فیشن ڈیزائننگ سمیت دیگر تخلیقی شعبوں میں بھی کام کیا ہے۔

رجب بٹ نے اہلیہ کو طلاق کا نوٹس بھیج دیا؟ سوشل میڈیا پر قیاس آرائیاں

لاہور (وائس آف ایشیا)معروف پاکستانی یوٹیوبر رجب بٹ اور ان کی اہلیہ ایمان فاطمہ کے درمیان جاری ازدواجی تنازع میں نئی پیش رفت سامنے آئی ہے۔سوشل میڈیا پر ایک معروف پیج یہ دعویٰ کر رہا ہے کہ رجب بٹ نے مبینہ طور پر اپنی اہلیہ کو یونین کونسل کے ذریعے طلاق کا نوٹس بھجوا دیا ہے۔رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ ایمان فاطمہ نے بیٹے کی خاطر صلح کی کوشش بھی کی تھی۔دوسری جانب ایمان فاطمہ نے بھی شوہر کے خلاف نان نفقے کا مقدمہ دائر کرتے ہوئے بیٹے کے لیے ماہانہ 5 لاکھ اور اپنے لیے 2لاکھ روپے کا مطالبہ کیا ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے مبینہ طور پر 87لاکھ روپے مالیت کے جہیز کی واپسی کا بھی مطالبہ کیا ہے۔ایمان فاطمہ کی جانب سے یہ دعویٰ بھی سامنے آیا ہے کہ رجب بٹ نے بیٹے کے اخراجات بالکل برداشت نہیں کیے۔تاہم ان دعوؤں اور قانونی کارروائی کی آزادانہ تصدیق سامنے نہیں آئی۔



نکاح نامہ پڑھے بغیر شادی نہ کریں، ونیزہ احمد کا خواتین کو اہم مشورہ

خواتین کو نکاح نامے میں درج شرائط اور اپنے حقوق کے بارے میں سوال کرنے سے شرمانا نہیں چاہیے،اداکارہ

کراچی (وائس آف ایشیا)پاکستان کی معروف سابق سپر ماڈل اور اداکارہ ونیزہ احمد نے خواتین کو شادی سے قبل نکاح نامہ غور سے پڑھنے اور اپنے حقوق سے آگاہ ہونے کا مشورہ دے دیا۔ ونیزہ احمد نے حال ہی میں واسع چوہدری کے شو میں گفتگو کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود انہوں نے خود بھی اپنا نکاح نامہ اس وقت تک نہیں پڑھا تھا جب تک ان کی طلاق کا معاملہ سامنے نہیں آیا۔اداکارہ نے کہا کہ خواتین کو نکاح نامے میں درج شرائط اور اپنے حقوق کے بارے میں سوال کرنے سے شرمانا نہیں چاہیے۔انہوں نے والدین پر بھی زور دیا کہ وہ اپنی بیٹیوں کو نکاح نامے کی تمام شقیں پڑھنے اور سمجھنے کی ترغیب دیں۔ونیزہ احمد نے دعویٰ کیا کہ بعض اوقات نکاح نامے سے خواتین کے حقوق سے متعلق شقیں نکال دی جاتی ہیں، اس لیے دستاویز کو اچھی طرح جانچنا ضروری ہے۔اداکارہ کے مطابق شادی قسمت کا معاملہ ضرور ہے، لیکن خواتین کو اپنے مستقبل اور حقوق کے تحفظ کے لیے پہلے سے آگاہی حاصل کرنی چاہیے۔



ٹائیگر شروف پر حملے کے بعد سلمان خان پہلی بار منظرِ عام پر آگئے، سیکیورٹی سخت

اداکار ٹائیگر شروف پر 18اکتوبر کو قاتلانہ حملے کی کوشش کے بعد فلمی صنعت میں سنجیدہ فضا چھائی ہوئی ہے


ممبئی (وائس آف ایشیا)حال ہی میں بالی ووڈ اداکار ٹائیگر شروف پر ہونے والے حملے کے بعد سلمان خان گزشتہ روز پہلی بار منظرِ عام پر آئے۔غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق دبنگ اداکار کو ممبئی کے نجی ایئر پورٹ پر مسلح سیکیورٹی اہلکاروں کے حصار میں دیکھا گیا۔اداکار ٹائیگر شروف پر 18اکتوبر کو قاتلانہ حملے کی کوشش کے بعد فلمی صنعت میں سنجیدہ فضا چھائی ہوئی ہے، اس واقعے کے سلسلے میں اب تک 4افراد کو حراست میں لیا جا چکا ہے۔مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے ٹائیگر شروف سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کے بعد تمام معروف شخصیات کی سیکیورٹی کے انتظامات کا جائزہ لینے کی یقین دہانی کرائی تھی اور بظاہر اس عمل کا آغاز ہو چکا ہے۔سلمان خان ممبئی کے نجی ایئر پورٹ پر معمول سے زیادہ سخت سیکیورٹی کے حصار میں دکھائی دیے، اس موقع پر خصوصی حفاظتی یونٹ کے مسلح اہلکار بھی تعینات تھے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق گینگسٹر لارنس بشنوئی کی جانب سے مسلسل ملنے والی دھمکیوں کے پیشِ نظر سلمان خان کی سیکیورٹی کو ترجیحی بنیادوں پر مزید سخت کیا گیا ہے۔ٹائیگر شروف سے متعلق حالیہ واقعے میں بھی ایک غیر مصدقہ وائس کلپ گردش کر رہا ہے، جس میں سلمان خان کا نام لیا گیا ہے۔مذکورہ پیغام میں کہا گیا کہ آج ٹائیگر شروف کے ساتھ پیش آنے والے واقعے کی ذمے داری انیل پنڈت اور ہرمن سندھو قبول کرتے ہیں، ہم نے پہلے فون کر کے اسے خبردار کیا تھا لیکن وہ بات نہیں سمجھا، اس لیے آج ہم نے اسے اچھی طرح سمجھا دیا۔پیغام میں کہا گیا ہے کہ ممبئی کی فلمی صنعت میں جو بھی ہماری بات نہیں مانے گا یا سلمان خان کے ساتھ کام کرے گا، اگلا نشانہ وہ ہو گا، انتظار کریں اور دیکھتے رہیں۔



آسٹریلوی ماڈل،جسٹن بیبر کی سابقہ گرل فرینڈ سہارا رے انتقال کر گئیں

سڈنی (وائس آف ایشیا) آسٹریلوی ماڈل، سوئم ویئر ڈیزائنر اور گلوکار جسٹن بیبر کی سابقہ گرل فرینڈ سہارا رے 34 برس کی عمر میں انتقال کر گئیں۔غیرملکی میڈیا کے مطابق ان کے اہلخانہ نے موت کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ سہارا رے 18 اکتوبر کو اسپتال میں اپنے عزیزوں کی موجودگی میں دنیا سے رخصت ہوئیں۔سہارا رے نے 2010 کی دہائی کے وسط میں ماڈلنگ کی دنیا میں قدم رکھا،جبکہ 2014 میں اپنا سوئم ویئر برانڈ سہارا رے سوئم متعارف کرایا،وہ اپنے فیشن اور ماڈلنگ کے کام کے ساتھ ساتھ معروف شخصیات سے تعلقات کے باعث بھی خبروں میں رہیں۔ماضی میں آسٹریلوی گلوکارکوڈی سمپسن کے ساتھ 2015 اورکینیڈین پاپ اسٹار جسٹن بیبر کے ساتھ 2016 میں انکے تعلقات کی خبریں سامنے آئی تھیں۔ماڈل نے رواں سال جنوری میں بیٹی اسنو کو جنم دیا تھا اور وہ سوشل میڈیا پر زچگی کے معمولات شیئر کرتی رہی تھیں، تاہم ان کے انتقال کی وجہ تاحال سامنے نہیں آئی۔





بالی ووڈ میں کہانیوں کا بحران، ایک اور پاکستان مخالف فلم بنا ڈالی

فلم ''اڑتا تیر''اپنی ریلیز سے قبل ہی پاکستانی سوشل میڈیا صارفین کی تنقید کی زد میں آگئی


ممبئی (وائس آف ایشیا)بالی ووڈ اداکارہ سارہ علی خان اور آیوشمان کھرانہ کی نئی فلم اڑتا تیر اپنی ریلیز سے قبل ہی پاکستانی سوشل میڈیا صارفین کی تنقید کی زد میں آگئی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق فلم 23اکتوبر کو سینما گھروں میں نمائش کے لیے پیش کی جائے گی، جسے کرن جوہر سمیت دیگر پروڈیوسرز نے پروڈیوس کیا ہے۔پاکستانی صارفین نے فلم کے مبینہ پاکستان مخالف موضوع پر اعتراضات اٹھاتے ہوئے بالی ووڈ کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ ایک صارف نے طنزیہ انداز میں لکھا کہ بالی ووڈ ہماری کہانیاں استعمال کر کے پیسے کماتا ہے، اس لیے ہمیں بھی رائلٹی ملنی چاہیے۔ دوسرے نے سوال اٹھایا کہ بھارتی فلم سازوں کو پاکستان سے اتنی دلچسپی کیوں ہے؟ ایک اور صارف نے تبصرہ کیا کہ بالی ووڈ جب ناظرین کو سینما گھروں تک لانے میں ناکام ہوتا ہے تو پاکستان مخالف فلموں کا سہارا لیتا ہے۔ بعض صارفین نے طنز کیا کہ اگر پاکستان نہ ہوتا تو بالی ووڈ کیا کرتا؟

پاکستانی فن کار اور تخلیق کار نیٹ فلکس سے بہتر کام کر رہے ہیں، عروہ حسین

ہمارے ہاں پیش کیے جانے والے فن اور معیار کو اپنی بنیاد پر پرکھنا چاہیے، نہ کہ دوسروں سے موازنہ کر کے،اداکارہ



کراچی (وائس آف ایشیا)اداکارہ عروہ حسین نے پاکستانی ڈراموں کے معیار اور مقامی کہانیوں کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی مواد کو اپنی اہمیت منوانے کے لیے نیٹ فلکس جیسے پلیٹ فارم سے موازنہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ایک انٹرویو کے دوران عروہ حسین نے اس رجحان پر تنقید کی جس میں معیاری پاکستانی ڈراموں کو نیٹ فلکس کے معیار کا قرار دیا جاتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ کہنا مجھے غیر مناسب لگتا ہے، کیونکہ پاکستانی فن کار اور تخلیق کار اس سے بھی بہتر کام کر رہے ہیں۔اداکارہ نے کہا ہے کہ صرف کسی منصوبے کے کسی ایپ یا آن لائن پلیٹ فارم پر نشر ہونے سے اس کا معیار بہتر نہیں ہو جاتا، ہمارے ہاں پیش کیے جانے والے فن اور معیار کو اپنی بنیاد پر پرکھنا چاہیے، نہ کہ دوسروں سے موازنہ کر کے۔عروہ حسین نے زور دیا ہے کہ پاکستانی ڈراموں کی اصل طاقت ان کی کہانیاں، کام کو ترجیح دینے کا انداز اور ان میں موجود حقیقی جذبات ہیں، تخلیقات میں جذبات کی سچائی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔



کھیل کھلاڑی

عرفات منہاس جس طرح کھیلے وہ پاکستان کے لیے بہت اچھا سائن ہے،، حسن نواز

انگلینڈ دنیا کی ٹاپ ٹیموں میں شمار ہوتی ہے، ہم بھی ٹاپ لیول کی ٹیموں میں آئیں گے،میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (وائس آف ایشیا)پاکستان کے مڈل آرڈر بلے باز حسن نواز نے کہا ہے کہ عرفات منہاس جس طرح کھیلے وہ پاکستان کے لیے بہت اچھا سائن ہے، کریڈٹ انہیں جاتا ہے، انگلینڈ دنیا کی ٹاپ ٹیموں میں شمار ہوتی ہے، ہم بھی ٹاپ لیول کی ٹیموں میں آئیں گے۔میڈیا سے گفتگو میں حسن نواز نے کہا کہ ذہن میں تھا کہ 320 تک اسکور کیا تو میچ جیت سکتے ہیں،وہ (حسن نواز) سیٹ تھے، لگتا تھا کہ 330 تک کرلیں گے لیکن بدقسمتی سے آؤٹ ہوگئے۔اپنے متعلق بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انہیں لگتا ہے اپنی فٹنس کو بہتر کرنا پڑے گا کیونکہ انہیں لگ رہا تھا ریفلیکسز سلو ہوگئے ہیں، اس کو بہتر کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ گیم کو بہتر کرنا ہے اور بڑی ٹیم کے خلاف پرفارمنس دینی ہے۔ کوشش ہے وہ اس چیلنج کو پورا کریں۔



فیفا کا ہمالیائی خطے کے لیے نئے فٹبال ٹورنامنٹ کے انعقاد پر غور

مجوزہ فیفا ہمالیہ کپ میں پاکستان، بھارت، نیپال اور بھوٹان سمیت دیگر ممالک کی شرکت کا امکان

نیویارک (وائس آف ایشیا)فٹبال کی عالمی تنظیم فیفا نے ہمالیہ کپ کے نام سے نیا علاقائی فٹبال ٹورنامنٹ کرانے پر غور شروع کردیا۔مجوزہ فیفا ہمالیہ کپ میں پاکستان، بھارت، نیپال اور بھوٹان سمیت دیگر ممالک کی شرکت کا امکان ہے۔مالدیپ اور سری لنکا کو بھی مجوزہ ٹورنامنٹ میں شامل کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔رپورٹس کے مطابق بنگلہ دیش، افغانستان، چین اور میانمار بھی ممکنہ شرکا میں شامل ہوسکتے ہیں۔رپورٹس کے مطابق نئے ٹورنامنٹ کا مقصد جنوبی ایشیائی ممالک کو بین الاقوامی فٹبال کے مزید مواقع فراہم کرنا ہے۔فیفا صدر جیانی انفینٹینو کے دورہ بنگلا دیش اور بھوٹان میں علاقائی فٹبال کے فروغ کے لیے مشاورت کی گئی۔



ورلڈ کپ کی تیاریوں کیلئے ٹاپ آرڈر کو اچھی کارکردگی دکھانا ہوگی، شاہین آفریدی

عرفات منہاس ایک بہترین صلاحیتوں کے حامل کھلاڑی اور مکمل آل راؤنڈر ہیں، کپتان کی گفتگو

راولپنڈی (وائس آف ایشیا)پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان شاہین آفریدی نے انگلینڈ کیخلاف کامیابی کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ حسن نواز، عرفات منہاس اور فہیم اشرف کی بیٹنگ اچھی رہی، تاہم ٹیم کے ٹاپ آرڈر کو بھی کارکردگی دکھانا ہوگی۔ میڈیا سے گفتگو میں شاہین آفریدی نے کہا کہ ٹیم نے کچھ شعبوں میں اچھی کارکردگی دکھائی ہے لیکن ورلڈ کپ کی تیاریوں کے پیش نظر مزید بہتری لانا ہوگی۔ قومی کپتان نے عرفات منہاس اور فاسٹ بولرز کی فارم کو ٹیم کے لیے خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ عرفات منہاس ایک بہترین صلاحیتوں کے حامل کھلاڑی اور مکمل آل راؤنڈر ہیں۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ عرفات منہاس مستقبل میں بھی کئی مزید میچز میں ٹیم کے لیے عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔



1000 گولز کے سنگِ میل کی جانب بڑھتے رونالڈو کو دھچکا، سنہری مواقع گنوا بیٹھے

یہ النصر کی جانب سے ڈومیسٹک لیگ میں ان کی 31 پنالٹی کوششوں میں چوتھی ناکامی تھی

ریاض (وائس آف ایشیا)سعودی پرو لیگ میں النصر نے نیوم کو ایک صفر سے شکست دے کر اہم کامیابی حاصل کرلی تاہم اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کیلئے یہ مقابلہ مایوس کن ثابت ہوا۔تفصیلات کے مطابق 41 سالہ پرتگالی سپر اسٹار اپنے کیریئر کے 982ویں گول کے قریب پہنچ کر بھی کامیاب نہ ہوسکے۔میچ کے پہلے ہاف کے اختتامی لمحات میں النصر نے پنالٹی حاصل کی تاہم رونالڈو موقع سے فائدہ اٹھانے میں ناکام رہے اور ان کی کک گول پوسٹ سے باہر چلی گئی۔یہ النصر کی جانب سے ڈومیسٹک لیگ میں ان کی 31 پنالٹی کوششوں میں چوتھی ناکامی تھی۔دوسرے ہاف کے آغاز پر بھی رونالڈو نے گول کرنے کا سنہری موقع گنوا دیا۔ سادیو مانے کے عمدہ ہیڈر کے بعد قریب سے لگایا گیا ان کا شاٹ گول پوسٹ کے اوپر چلا گیا۔کچھ دیر بعد ایک اور ہیڈر ضائع ہونے سے ان کی مایوسی میں اضافہ ہوا۔النصر کو بالآخر 61ویں منٹ میں کامیابی ملی جب انجیلو کے پاس پر ژاؤ فیلکس نے شاندار شاٹ لگا کر گیند جال میں پہنچا دی۔اس فتح کے باوجود رونالڈو 981 کیریئر گولز پر برقرار رہے۔ اب شائقین کو ان کے اگلے میچ میں تاریخی 1000 گولز کے سنگ میل کی جانب پیش رفت کا انتظار ہوگا۔



یوئیفا چیمپئنز لیگ، پیرس سینٹ جرمین نے بارسلونا کو 2-4 گول سے شکست دیدی

لیورپول نے 2 گول کے خسارے سے واپسی کرتے ہوئے ویلریال کو 3- 4 سے ہرا دیا

پیرس(وائس آف ایشیا)یوئیفا چیمپئنز لیگ میں دفاعی چیمپئن پیرس سینٹ جرمین نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد بارسلونا کو 2-4 گول سے شکست دے کر مسلسل تیسری کامیابی حاصل کر لی جبکہ لیورپول نے 2 گول کے خسارے سے واپسی کرتے ہوئے ویلریال کو 3-4 سے ہرا دیا۔غیرملکی میڈیا کے مطابق مانچسٹرسٹی نے بھی اے ای کے ایتھنز کو 1-5 سے شکست دی، جس میں فل فوڈن نے ہیٹ ٹرک سکور کی۔پیرس میں کھیلے گئے میچ میں بارسلونا نے 2 مرتبہ خسارہ برابر کیا، تاہم آخری لمحات میں وٹینہ اور فابیان روئز کے گولز نے پیرس سینٹ جرمین کی 2-4 گول سے فتح یقینی بنا دی۔میزبان ٹیم کی جانب سے ڈیزائر دوئے نے 38ویں منٹ میں پہلا گول کیا جبکہ لوکاس ہرنانڈیز نے دوسرے ہاف میں برتری بحال کی۔بارسلونا کی جانب سے شاوی اسپارٹ اور لامین یمل نے گول کیے۔ پیرس سینٹ جرمین نے اس کامیابی کے ساتھ لیگ مرحلے میں اپنی پہلی پوزیشن برقرار رکھی، تاہم عثمان ڈیمبیلے، مارکینوس اور خویچا کواراتسخیلیا انجری کا شکار ہو گئے۔اینفیلڈ میں لیورپول نے ویلریال کے خلاف ابتدائی 2 گول کھانے کے باوجود مقابلہ 3-4 سے جیت لیا۔ الیکسس میک الیسٹر نے 2 گول کیے، جبکہ فلوریان ورٹز کے سیزن کے پہلے گول نے لیورپول کی پوزیشن مضبوط کی۔ بعد ازاں تانی اولوواسے نے ویلریال کی جانب سے گول کر کے مقابلہ سنسنی خیز بنا دیا، لیکن لیورپول نے برتری برقرار رکھی۔مانچسٹرسٹی نے فل فوڈن کی ہیٹ ٹرک کی بدولت اے ای کے ایتھنز کو 1-5 سے زیر کیا۔مانچسٹرسٹی کی جانب سے ایلیٹ اینڈرسن نے کلب کے لیے اپنا پہلا گول کیا، جبکہ ریان شرکی نے بھی گیند جال میں پہنچائی۔دیگر مقابلوں میں روما نے سلووان بریٹسلاوا کو 0-4 سے شکست دے کر چیمپئنز لیگ میں 2019 کے بعد پہلی کامیابی حاصل کی۔ ناپولی نے بوڈوگلیمٹ کو 3-4 سے ہرا دیا، جس میں سکاٹ میک ٹومینے نے 2 گول کیے۔ اٹلیٹیکو میڈرڈ اور وی ایف بی شٹنگارٹ کا مقابلہ 1-1 سے برابر رہا، جبکہ بوروسیا ڈورٹمنڈ نے باکو میں صباح کو 2-1 سے شکست دے دی۔

نیوزی لینڈ اور بھارت کے درمیان سیریز کی ٹرافی کی رونمائی

دورے میں 5 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل، 5 ون ڈے انٹرنیشنل اور 2 ٹیسٹ میچز شامل ہیں



کرائسٹ چرچ(وائس آف ایشیا) نیوزی لینڈ اور بھارت کے درمیان طویل سیریز شیڈول کی گئی ہے جس میں دونوں ٹیمیں تینوں فارمیٹس میں مجموعی طور پر 12 میچز کھیلیں گی،دورے میں 5 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل، 5 ون ڈے انٹرنیشنل اور 2 ٹیسٹ میچز شامل ہیں،سیریز کا اختتام کم دسمبر کو دوسرے ٹیسٹ میچ کے ساتھ ہوگا۔نیوزی لینڈ کرکٹ کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق، پہلے مرحلے میں دونوں ٹیموں کے درمیان پانچ ٹی ٹوئنٹی میچز 22 اکتوبر سے کم نومبر تک کھیلے جائیں گے جس کے بعد 4 سے 15 نومبر تک پانچ ون ڈے میچز ہوں گے۔ دورے کے آخری مرحلے میں دونوں ٹیمیں 19 نومبر سے دو ٹیسٹ میچز کی سیریز کھیلیں گی۔پانچ میچز پر مشتمل ٹی ٹوئنٹی سیریز کا پہلا اور دوسرا میچ کرائسٹ چرچ میں کھیلا جائے گا جبکہ بقیہ تین میچز ویلنگٹن، آکلینڈ اور ہیملٹن میں ہوں گے۔ٹی ٹوئنٹی سیریز کے بعد دونوں ٹیمیں چار نومبر سے ون ڈے فارمیٹ میں مدمقابل ہوں گی۔ اس سیریز کے ابتدائی تین میچز آکلینڈ، ویلنگٹن اور ہیملٹن میں جبکہ آخری دو میچز ماؤنٹ منگوئی میں کھیلے جائیں گے۔دورے کے آخری مرحلے میں دو ٹیسٹ میچز کھیلے جائیں گے۔ پہلا ٹیسٹ 19 سے 23 نومبر تک ویلنگٹن میں ہوگا جبکہ دوسرا ٹیسٹ 27 نومبر سے کم دسمبر تک کرائسٹ چرچ میں کھیلا جائے گا۔

عرفات منہاس نے نصف سنچری اور 5 یا اس سے زائد وکٹیں حاصل کرنے والے تیسرے پاکستانی بن گئے

اس سے قبل شاہد آفریدی 3 بار اور عبدالرزاق ایک بار یہ کارنامہ انجام دے چکے ہیں

راولپنڈی(وائس آف ایشیا) سہ ملکی سیریز کے دوسرے ون ڈے میچ میں اپنی آل راؤنڈ کارکردگی سے انگلینڈ کے خلاف پاکستان کی کامیابی میں اہم کردار ادا کرنے والے عرفات منہاس نے اہم اعزاز حاصل کرلیا۔گزشتہ روز راولپنڈی میں کھیلے گئے میچ میں انگلینڈ نے پاکستان کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے بولنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔پاکستان نے پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 9 وکٹ پر 302 رنز بنائے جس کے جواب میں انگلش ٹیم 39ویں اوور میں 215رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔پاکستان کی جانب سے عرفات منہاس نے آل راؤنڈ کارکردگی کا مظاہرہ کیا، انہوں نے مشکل وقت میں 59 رنز کی اننگ کھیلی اور پھر 40 رنز کے عوض 6 وکٹیں حاصل کیں۔اس کارکردگی کے ساتھ ہی عرفات منہاس ون ڈے انٹرنیشنل میں نصف سنچری بنانے اور اُس ہی میچ میں 5 یا اس سے زائد وکٹیں حاصل کرنے والے تیسرے پاکستانی کھلاڑی بن گئے۔ اس سے قبل شاہد آفریدی 3 بار اور عبدالرزاق ایک بار یہ کارنامہ انجام دے چکے ہیں۔شاہد آفریدی نے سب سے پہلے 2000 میں لاہور میں انگلینڈ کے خلاف یہ کارنامہ انجام دیا تھا، جب انہوں نے 61 رنز بنانے کے ساتھ 40 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کی تھیں۔شاہد آفریدی کو عالمی کرکٹ میں یہ کارنامہ سب سے زیادہ مرتبہ انجام دینےکا منفرد اعزاز بھی حاصل ہے۔ وہ ون ڈے انٹرنیشنل میں3 مرتبہ ایک ہی میچ میں نصف سنچری بنانے کے ساتھ 5 وکٹیں حاصل کر چکے ہیں۔اس کے علاوہ عبدالرزاق نے سال 2000 میں بھارت کے خلاف 70 رنز اسکور کرتے ہوئے 5 وکٹیں بھی حاصل کی تھیں۔




6 مرتبہ کی گرینڈ سلام چیمپئن آیگا سوئیٹک ران کی انجری کے باعث ٹنگبو اوپن سے دستبردار

آخری گرینڈ سلام کامیابی گزشتہ سال ومبلڈن اوپن میں تھی جبکہ عالمی درجہ بندی میں وہ نویں نمبر پر چلی گئی ہیں

بیجنگ(وائس آف ایشیا)پولینڈ کی نامور ٹینس سٹار اور 6 مرتبہ کی گرینڈ سلام چیمپئن آیگا سوئیٹک ران کی انجری کے باعث ٹنگبو اوپن سے دستبردار ہو گئی ہیں، جس کے نتیجے میں ان کی ڈبلیو ٹی اے فائنلز کے لئے کوالیفائی کرنے کی امیدیں بھی ختم ہو گئی ہیں۔غیر ملکی میڈیا کے مطابق 25 سالہ آیگا سوئیٹک نے بیان میں کہا کہ گزشتہ کئی ہفتوں سے بائیں ران میں تکلیف کا سامنا ہے اس لئے مکمل آرام اور صحت یابی کے لئے ٹورنامنٹ سے دستبرداری کا فیصلہ کیا ہے۔وہ گزشتہ ہفتے وہان اوپن کے سیمی فائنل میں بھی انجری سے متاثر ہوئیں، جہاں انہیں ہم وطن مایا خوالنسکا کے ہاتھوں سٹریٹ سیٹس میں شکست ہوئی تھی۔ آیگا سوئیٹک کو ڈبلیو ٹی اے فائنلز میں جگہ بنانے کے لئے ٹنگبو اوپن کے کم از کم کوارٹر فائنل تک پہنچنا ضروری تھا،تاہم دستبرداری کے بعد وہ رواں سال سیزن کے اختتامی مقابلے میں شرکت نہیں کر سکیں گی۔وہ 2021 سے مسلسل اس ایونٹ میں شریک ہوتی رہی ہیں اور 2023 میں ٹائٹل بھی جیت چکی ہیں۔سابق عالمی نمبر ون کھلاڑی نے رواں سیزن میں 39 میچ جیتے اور 15 میں شکست کھائی جبکہ کینیڈین اوپن کی صورت میں صرف ایک ٹائٹل اپنے نام کیا۔ وہ رواں سال چاروں گرینڈ سلام ٹورنامنٹس میں کوارٹر فائنل سے آگے نہ بڑھ سکیں۔ان کی آخری گرینڈ سلام کامیابی گزشتہ سال ومبلڈن اوپن میں تھی جبکہ عالمی درجہ بندی میں وہ نویں نمبر پر چلی گئی ہیں۔آیگا سوئیٹک نے سوشل میڈیا پر اپنے پیغام میں رواں سیزن کو اپنے کیریئر کے مشکل ترین ادوار میں سے ایک قرار دیتے ہوئے کہا کہ مسلسل مقابلوں اور چیلنجز کے باعث انہیں مکمل آرام کی ضرورت ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ صحت یابی کے بعد وہ نئے عزم اور جذبے کے ساتھ کورٹ میں واپس آئیں گی۔



نسل در نسل معاشرتی اور اخلاقی معاہدہ (The Generational Bargain)



پہلی اور دوسری نسل کا کردار: والدین اور بزرگ اپنی زندگی کی بہترین توانائیاں، جوانی کا خلوص، شبانہ روز محنت اور اپنی جمع پونجی نئی نسل کی پرورش، معیاری تعلیم اور بہترین مستقبل کی تعمیر پر نثار کر دیتے ہیں۔ ان کا مقصد صرف اولاد کی کفالت نہیں ہوتا بلکہ انہیں اس قابل بنانا ہوتا ہے کہ وہ معاشرے میں باعزت مقام حاصل کر سکیں۔

نئی نسل کی ذمہ داری: اس کے بدلے میں یہ طبعی اور اخلاقی توقع رکھی جاتی ہے کہ جب یہ نئی نسل جوان اور طاقتور ہوگی، تو وہ ضعف اور ناتوان والدین کا ڈھارس...

خاندانی نظام کا انتشار: مشترکہ خاندانی نظام کے ٹوٹنے اور نیوکلیئر فیملی) الگ تھلگ خاندان (کے بڑھتے ہوئے رجحان نے بزرگوں کو چار دیواری میں تنہا کر دیا ہے، جس سے ان کے باہمی رابطے کمزور ہو گئے ہیں۔

فکری اور نظریاتی خلیج (Generation Gap): جدیدیت اور روایات کے ٹکرانے سوچ کے زاویوں کو بدل ڈالا ہے، جس کی وجہ سے بزرگوں کے تجربات کو اکثر نئی نسل پرانا اور فرسودہ سمجھنے لگتی ہے۔

اس معاہدے کے ٹوٹنے کے اثرات...

اقدامات کرنا ہوں گے:

احترامِ بزرگاں کا احیا: نوجوان نسل کو یہ ادراک کرنا ہوگا کہ بزرگوں کے بال دھوپ میں سفید نہیں ہوئے؛ ان کی زندگی کے تجربات کسی بھی یونیورسٹی کی ڈگری سے بڑھ کر قیمتی ہیں۔

توازن اور برداشت: بزرگوں کو بھی چاہیے کہ وہ نئی نسل پر اپنی توقعات کا بے جا بوجھ نہ ڈالیں، بلکہ انہیں بدلتے ہوئے وقت کے تقاضوں کے مطابق اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کی آزادی دیں۔

امانت، عدل اور عظمتِ کردار: کعبہ شریف کی چابیوں کا ایمان افروز واقعہ



تحریر: اختر علی مہر

جب رحمتِ عالم، حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے عمل سے ثابت فرمایا کہ حقیقی عظمت انتقام لینے میں نہیں بلکہ حق دار کو اس کا حق لوٹانے میں ہے۔ کعبۃ اللہ محض ایک عمارت نہیں بلکہ توحید کا مرکز اور مسلمانوں کے دلوں کی دھڑکن ہے۔ زمانہ جاہلیت میں بھی قریش کے ہاں کعبہ شریف کی خدمت اور اس کی چابیاں رکھنے کو خاص اہمیت حاصل تھی۔ بنو شیبہ کے خاندان کے پاس کعبہ شریف کی چابیاں رکھنے اور دروازہ کھولنے کی ذمہ داری تھی۔ اسی خاندان سے حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ کا تعلق تھا۔

...نے کعبہ شریف کی چابی حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ سے حاصل کی اور بیت اللہ میں داخل ہوئے۔ اس موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ کو بتوں سے پاک فرمایا اور توحید کا پرچم بلند کیا۔ اب ذرا اس منظر کا تصور کیجیے وہ شہر جس سے مسلمانوں کو ہجرت پر مجبور کیا گیا تھا، آج رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سرنگوں تھا۔ وہ لوگ جنہوں نے آپ کو تکالیف پہنچائیں، آج آپ کے اختیار میں تھے۔ اگر آپ چاہتے تو ہر سابقہ ظلم کا بدلہ لے سکتے تھے، مگر آپ کی ذاتِ مبارکہ انتقام نہیں بلکہ رحمت و عفو کا پیکر تھی۔

...کو واپس کیے جانے کا واقعہ بھی نقل کیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ عمل ہمیں سکھاتا ہے کہ اسلام میں منصب، اختیار اور اقتدار ذاتی پسند و ناپسند کا نام نہیں، بلکہ ذمہ داری اور امانت کا نام ہے۔ چابی کسی دوسرے کے ہاتھ میں دے کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا کو بتا دیا کہ حق دار کا حق، تعلقات، مخالفتوں اور ذاتی جذبات سے بالاتر ہے۔

آج ہمارے معاشرے میں اگر کسی کو عہدہ مل جائے تو وہ اسے اپنی جاگیر سمجھنے لگتا ہے، کسی کو اختیار ملے تو...

کھلاڑی محفوظ، شہری پریشان ۔۔۔۔ از قلم: حمید علی



لائیو سٹاک کا انقلابی سفر ۔۔۔۔ تحریر: سید ممتاز بخاری



دہشتگردی کے خلاف گھیرا مزید تنگ ۔۔۔۔ تحریر: غلام رسول بلوچ

افسانہ: پیلا لفافہ ۔۔۔۔ مصنف: محمد اختر انجم (ڈیرہ غازی خان)

بقیہ نمبر 1

بقیہ نمبر 2

بقیہ نمبر 3

بقیہ نمبر 4

بقیہ نمبر 5

بقیہ نمبر 6

بقیہ نمبر 7

بقیہ نمبر 8

بقیہ نمبر 9

بقیہ نمبر 10

بقیہ نمبر 11

بقیہ نمبر 12

بقیہ نمبر 13

بقیہ نمبر 14

بقیہ نمبر 15

وفاقی محتسب کی مداخلت پر مستحق خاتون کو بی آئی ایس پی کے 14 ہزار 500 روپے جاری

کسی بھی وفاقی ادارے کی غفلت یا بے جا تاخیر کے خلاف عوام بلاخوف وجھجک وفاقی محتسب سے مفت دادرسی حاصل کر سکتے ہیں۔

خضدار (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعلی پاکستان کے ریجنل آفس خضدار نے عوامی مسائل کے فوری اور بلا معاوضہ حل کے سلسلے میں ایک اور اہم کامیابی حاصل کی ہے۔ وفاقی محتسب کی موثر اور بروقت مداخلت کے نتیجے میں تحصیل کرخ کی ایک غریب اور مستحق خاتون کو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے تحت روکے گئے مالی وظیفے کی رقم منتقل کر دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق بھلونک (کرخ) ضلع خضدار کی رہائشی درخواست گزار محترمہ کلثوم کو طویل عرصے سے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی جانب سے مستحق ہونے کے باوجود مالی معاونت/وظیفے کی رقم ادا نہیں کی جا رہی تھی، جس کی وجہ سے وہ اور ان کا خاندان شدید مالی مشکلات کا شکار تھے۔ مقامی سطح پر دادرسی نہ ہونے پر خاتون نے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، ریجنل آفس خضدار سے رجوع کیا اور اپنی شکایت درج کروائی۔ وفاقی محتسب خضدار آفس نے شکایت پر فوری تحرک کا مظاہرہ کرتے ہوئے متعلقہ حکام اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی انتظامیہ کو نوٹس جاری کیے اور رپورٹ طلب کی۔ structure. وفاقی محتسب کے مسلسل تعاقب اور سخت ہدایات پر BISP حکام نے رکاوٹوں کو دور کرتے ہوئے سائلہ کے اکاؤنٹ میں 14,500 روپے بطور مالی معاونت منتقل کر دیے۔ مالی وظیفہ اور رقم کا میسج موصول ہونے پر درخواست گزار محترمہ کلثوم نے انتہائی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ دور دراز اور دیہی علاقوں کے شہریوں کے لیے وفاقی محتسب کا ادارہ انصاف کا ایک بہترین اور آسان ذریعہ ہے۔ سائلہ کے مکمل اطمینان اور رقم کی رسید کی تصدیق کے بعد وفاقی محتسب سیکرٹریٹ نے کیس کو کامیابی کے ساتھ نمٹا (Disposed of) دیا۔ اس موقع پر وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار کے نمائندے نے اپنے عزم کا اعادہ کیا کہ ضلع خضدار اور ملحقہ علاقوں کے تمام مستحقین، بالخصوص خواتین، بزرگوں اور محروم طبقے کے حقوق کا تحفظ ادارے کی اولین ترجیح ہے۔ کسی بھی وفاقی ادارے کی غفلت یا بے جا تاخیر کے خلاف عوام بلاخوف وجھجک وفاقی محتسب سے مفت دادرسی حاصل کر سکتے ہیں۔

وفاقی محتسب کی مداخلت خضدار کی مستحق خاتون کو متبادل سم مل گئی

ترجمان وفاقی محتسب نے کہا کہ ادارہ دور دراز اور محروم طبقے سے تعلق رکھنے والے شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے

خضدار / اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعلی پاکستان کی عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے جاری کوششوں کے نتیجے میں ضلع خضدار کی رہائشی خاتون کی طویل عرصے سے معطل شدہ مالی معاونت کی بحالی ممکن ہو گئی ہے۔ وفاقی محتسب کی موثر مداخلت اور نوٹس کے باعث بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کی مستحق خاتون کو ٹیلی نار کی متبادل سم فراہم کر دی گئی ہے، جس کے بعد ان کا درپیش مسئلہ مکمل طور پر حل ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق محلہ فیروز آباد، خضدار کی رہائشی درخواست گزار مسافیض بی بی کی ٹیلی نار سم گم ہو گئی تھی، جس کے ذریعے وہ بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام کا مالی وظیفہ حاصل کرتی تھیں۔ سم کی عدم دستیابی اور متعلقہ فرنچائز کی جانب سے متبادل سم جاری کرنے سے مسلسل انکار کی وجہ سے سائلہ کے وظیفے کی وصولی شدید متاثر ہو رہی تھی اور وہ سخت پریشانی کا شکار تھیں۔ کسی بھی سطح پر شنوائی نہ ہونے پر سائلہ نے انصاف اور دادرسی کے لیے وفاقی محتسب سے رجوع کیا۔ وفاقی محتسب نے معاملے کی حساسیت اور مستحق خاتون کی پریشانی کا فوری نوٹس لیتے ہوئے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (PTA) اور متعلقہ موبائل آپریٹر کو فوری اور قانونی کارروائی کی ہدایت جاری کی۔ وفاقی محتسب کے سخت احکامات اور تعمیلِ ارشاد کے نتیجے میں پی ٹی اے اور متعلقہ ٹیلی کام آپریٹر نے فوری تحرک کا مظاہرہ کیا۔ سائلہ کی بائیو میٹرک تصدیق کے تمام ضروری مراحل مکمل کرنے کے بعد نئی متبادل سم کامیابی کے ساتھ ان کے حوالے کر دی گئی۔ متبادل سم کی وصولی اور مالی وظیفے کے بلاسود و بلا تعطل عمل کی بحالی پر درخواست گزار فیض بی بی نے مکمل اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔ سائلہ کی جانب سے تصدیق اور مکمل تسلی و تشفی کے بعد وفاقی محتسب نے شکایت کو کامیابی کے ساتھ داخل دفتر (Disposed of) کر دیا۔ اس موقع پر ترجمان وفاقی محتسب نے کہا کہ ادارہ دور دراز اور محروم طبقے سے تعلق رکھنے والے شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے، اور کسی بھی سرکاری یا نیم سرکاری ادارے کی غفلت سے عوام بالخصوص خواتین اور مستحقین کے حقوق کی تلفی برداشت نہیں کی جائے گی۔

ضلع سرگودھا کی تعمیر و ترقی میں خواتین کا کردار قابلِ ستائش ہے، زنیرہ رحیم گجر

ضلع بھر میں عوامی مسائل کے حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے



بھاگٹانوالہ (محمد شفیق) ضلعی صدر خواتین ونگ زنیرہ رحیم گجر نے کہا ہے کہ ضلع سرگودھا کی تعمیر و ترقی میں خواتین کا کردار ہمیشہ سے قابلِ ستائش رہا ہے۔ سرگودھا کا ہر گاں، ہر حلقہ اور ہر محلہ ہمارا گھر ہے، جسے وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی رہنمائی میں خوبصورت، صاف ستھرا اور ترقی یافتہ بنانا ہمارا مشن ہے اور اسے ہر صورت پورا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی عملی شرکت سے ترقیاتی عمل کو مزید موثر بنایا جا سکتا ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ ضلع بھر میں عوامی مسائل کے حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے تاکہ سرگودھا کے ہر علاقے میں خوشحالی اور بہتری نظر آئے۔

بھاگٹانوالہ مین بازار میں تعمیراتی کام کے دوران گرد و غبار سے شہری پریشان، بیماریوں کے پھیلاؤ کا خدشہ

شہریوں کی مشکلات بڑھا دیں، جبکہ دھول مٹی کے باعث سانس اور دیگر بیماریوں کے پھیلاؤ کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے

بھاگٹانوالہ (محمد شفیق) مین بازار میں سڑک کی تعمیر کے دوران ٹھیکیدار کی مبینہ غفلت اور پانی کے مناسب چھڑکاؤ نہ ہونے کے باعث گرد و غبار نے شہریوں کی مشکلات بڑھا دیں، جبکہ دھول مٹی کے باعث سانس اور دیگر بیماریوں کے پھیلاؤ کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ فرمان، نذیر احمد، غلام رسول سمیت اہل علاقہ نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ تعمیراتی کام کے دوران باقاعدگی سے پانی کا چھڑکاؤ یقینی بنایا جائے تاکہ گرد و غبار پر قابو پایا جا سکے اور شہریوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھا جا سکے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لے کر ٹھیکیدار کو ضروری حفاظتی اقدامات کا پابند بنانے کی اپیل کی ہے۔

سائبر کرائم متاثرین کے لیے بڑی سہولت، ہیلپ لائن 15 پر شکایات درج کرانے کا راستہ کھل گیا

آن لائن فراڈ، بلیک میلنگ یا سائبر ہراسانی کا سامنا ہو تو اپنی شکایت رپورٹ کریں اور متعلقہ شواہد محفوظ رکھیں۔



بوریوالا (محمد نعیم سے) آن لائن فراڈ، بلیک میلنگ، سائبر ہراسانی اور ڈیٹا چوری کا شکار شہریوں کے لیے اہم سہولت متعارف کرا دی گئی۔ پولیس ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 کو نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (NCCIA) کے نظام سے منسلک کر دیا گیا ہے۔ ڈی جی این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی کے مطابق ملک کے مختلف صوبوں اور بڑے شہروں میں یہ نظام فعال کیا گیا ہے، جس کے تحت شہری سائبر جرائم سے متعلق اپنی شکایات ہیلپ لائن 15 پر رپورٹ کر سکیں گے۔ موصول ہونے والی شکایات کو مزید قانونی کارروائی کے لیے متعلقہ NCCIA زون کو منتقل کیا جائے گا۔ اس اقدام کا مقصد سائبر کرائم متاثرین کو شکایات درج کرانے میں سہولت فراہم کرنا اور پولیس و سائبر کرائم ایجنسی کے درمیان رابطے کو موثر بنانا ہے۔ شہریوں کے لیے پیغام: آن لائن فراڈ، بلیک میلنگ یا سائبر ہراسانی کا سامنا ہو تو اپنی شکایت رپورٹ کریں اور متعلقہ شواہد محفوظ رکھیں۔

خانیوال نوناری موڑ سے شاہکوٹ تک سڑک ٹوٹ پھوٹ کا شکار اہل علاقہ مشکلات سے دوچار ہیں

سڑک جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے کے باعث شہریوں کی آمد و رفت متاثر ہو رہی ہے

خانیوال (مشتاق سیال) نوناری موڑ سے شاہکوٹ تک سڑک کی خستہ حالی کے باعث اہل علاقہ کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ سڑک جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہونے کے باعث شہریوں کی آمد و رفت متاثر ہو رہی ہے، جبکہ مریضوں کو ہسپتالوں تک پہنچانے میں بھی دشواری پیش آ رہی ہے اہل علاقہ کے مطابق سڑک کی خراب صورتحال روزمرہ سفر کرنے والے شہریوں کے لیے پریشانی کا باعث بن رہی ہے۔ خصوصاً ایمرجنسی کی صورت میں مریضوں کو بروقت ہسپتال منتقل کرنا مشکل ہو جاتا ہے، جس سے مریضوں اور ان کے لواحقین کی مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے شہریوں نے متعلقہ حکام اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ نوناری موڑ سے شاہکوٹ تک سڑک کی خستہ حالی کا فوری نوٹس لیتے ہوئے تعمیر و مرمت کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام کو درپیش مشکلات سے نجات مل سکے۔

محتسب پنجاب ریجنل آفس ملتان کی عوامی آگاہی مہم شہریوں کی شکایات پر متعلقہ محکموں کو ہدایات جاری

انہوں نے کہا کہ محتسب پنجاب شہریوں کی شکایات کے بروقت اور موثر ازالے کے لیے اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔



ملتان (صادق جانباز) عوامی آگاہی مہم میں ایڈوائزر محتسب پنجاب ملتان محمود جاوید بھٹی، ایڈوائزر محتسب پنجاب ملتان 2۔ وقار حسین اور اسسٹنٹ ایسوی ایٹ معاذ حسن بختیار سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر علاقہ مکینوں کو محتسب پنجاب کی خدمات اور شکایات کے ازالے کے لیے دستیاب طریقہ کار کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ مہم کے دوران شہریوں نے اپنے مسائل اور سرکاری محکموں سے متعلق شکایات پیش کیں۔ افسران نے شکایات کا جائزہ لیا اور ان پر ضروری کارروائی کے لیے متعلقہ محکموں کو ہدایات جاری کیں، جبکہ شہریوں کو اپنے معاملات کی پیروی اور شکایات درج کرانے کے حوالے سے رہنمائی بھی فراہم کی گئی۔ ایڈوائزر محتسب پنجاب ملتان محمود جاوید بھٹی کا کہنا تھا کہ عوامی آگاہی مہم کا مقصد شہریوں کو ان کے حقوق سے آگاہ کرنا اور سرکاری محکموں سے متعلق شکایات کے ازالے کے لیے مؤثر رہنمائی فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محتسب پنجاب شہریوں کی شکایات کے بروقت اور موثر ازالے کے لیے اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔

پہلے کتے انسانوں کو کاٹتے تھے لیکن اب انسان ہی انسان کو کاٹنے لگے

حیرت انگیز واقعہ سانگھڑ میں پیش آیا جہاں ایک شخص نے مبینہ طور پر 4 افراد کو دانتوں سے کاٹ کر زخمی کر دیا

سانگھڑ (نامہ نگار) پہلے کتے انسانوں کو کاٹتے تھے لیکن اب انسان ہی انسان کو کاٹنے لگے ایسا ہی ایک حیرت انگیز واقعہ سانگھڑ میں پیش آیا جہاں ایک شخص نے مبینہ طور پر 4 افراد کو دانتوں سے کاٹ کر زخمی کر دیا اور فرار ہو گیا واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آ گئی۔ یہ انوکھا واقعہ سانگھڑ شہر میں ایک نجی بینک کے سامنے پیش آیا جہاں کھڑے افراد پر اچانک ایک شخص نے حملہ کر دیا اور انہیں دانتوں سے کاٹ کر زخمی کرنے کے بعد موقع سے فرار ہو گیا۔

ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر اقبال چنڑ کی کارڈیک سنٹر بہاولپور میں پروقار تقریب میں شرکت

یہ تقریب ڈاکٹر اسامہ منیر اور ان کی پوری ٹیم کی خدمات کے اعتراف اور حوصلہ افزائی کا ایک اہم موقع ثابت ہوئی۔



یزمان (محمد علی چوہدری سے) ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر اقبال چنڑ کی کارڈیک سنٹر بہاولپور میں پروقار تقریب میں شرکت ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی محترم جناب ملک ظہیر اقبال چنڑ صاحب نے کارڈیک سنٹر بہاولپور میں ڈاکٹر اسامہ منیر کے اعزاز میں منعقدہ ایک پروقار تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے روٹا سرجری کے ذریعے ایک ہی دن میں 10 ہارٹ سرجریز کا ریکارڈ قائم کرنے پر ڈاکٹر اسامہ منیر اور ان کی پوری ٹیم کو دلی مبارکباد پیش کی اور ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، محنت اور شاندار خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ تقریب میں ڈاکٹر عبدالرحمان، ایم ایس بہاول وکٹوریہ ہسپتال، جناب بشیر گوہر، ایم ایس کارڈیک سنٹر، اور ڈاکٹر شہادت حسین سمیت دیگر ڈاکٹرز و دیگر عملہ بھی موجود تھا۔ اس موقع پر ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی نے ڈاکٹر اسامہ منیر اور ان کی ٹیم کی خدمات کے اعتراف میں ٹیم کے ارکان میں شیلڈز اور اسناد تقسیم کیں اور انہیں مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے اس کامیابی کو شعبہ صحت کے لیے ایک قابل فخر پیش رفت قرار دیتے ہوئے طبی عملے کی محنت، لگن اور عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کے عزم کو سراہا۔ یہ تقریب ڈاکٹر اسامہ منیر اور ان کی پوری ٹیم کی خدمات کے اعتراف اور حوصلہ افزائی کا ایک اہم موقع ثابت ہوئی۔

ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت آٹے کی قیمتوں کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا

ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے کہا ہے کہ آٹے کی مقررہ قیمتوں پر فروخت یقینی بنائی جائے



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت آٹے کی قیمتوں کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں آٹے کی حالیہ قیمتوں، مارکیٹ میں دستیابی اور عوام کو مقررہ نرخوں پر آٹے کی فراہمی سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے 10 کلوگرام آٹے کے تھیلے کی فروخت 1100 روپے میں یقینی بنانے کی ہدایت کی اور کہا کہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے کہا ہے کہ آٹے کی مقررہ قیمتوں پر فروخت یقینی بنائی جائے، قیمتوں میں خود ساختہ اضافہ اور ناجائز منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ عوام کو مناسب نرخوں پر آٹے کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے محکمہ خوراک کو ہدایت کی کہ فلور ملز اور دکانوں پر آٹے کے وزن اور قیمتوں کی باقاعدگی سے انسپکشن کی جائے اور سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کی مسلسل نگرانی یقینی بنائی جائے۔

حاصل پور اور دیگر یونین کونسل میں صفائی ستھرائی کا مشن پورے جوش و جذبے سے جاری ہے

شہریوں سے بھی یہ اپیل ہے کہ وہ ہمارا ساتھ دیں، کوڑا کرکٹ صرف مختص کردہ مقامات پر ڈالیں تاکہ ہم حاصل پور شہر کو ضلع کا ماڈل شہر بنا سکیں



قائم پور (سپیشل رپورٹر) وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ کے عوامی فلاحی ویژن ستھرا پنجاب کے تحت تحصیل حاصل پور اور دیگر یونین کونسل میں صفائی ستھرائی کا مشن پورے جوش و جذبے سے جاری ہے۔ شہر کی گلیاں، بازار اور محلے پہلے سے زیادہ صاف ستھرے نظر آنے لگے ہیں۔ ایم ڈی ستھرا پنجاب بہاولپور محمد قاسم گل کی موثر نگرانی اور واضح ہدایات کی روشنی میں الرحمت ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی ٹیمیں شب و روز شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہیں۔ اسی سلسلے میں ڈپٹی پروجیکٹ منیجر الرحمت ویسٹ مینجمنٹ کمپنی میاں محمد طارق نے حاصل پور شہر اور دیگر یونین کونسل کا اچانک تفصیلی دورہ کیا۔ انہوں نے شہر کے مختلف وارڈز، مین بازار، لنک روڈز اور رہائشی علاقوں میں جا کر صفائی کے انتظامات کا بذات خود معائنہ کیا۔ موقع پر موجود ستھرا پنجاب کے صفائی ہیروز سے ملاقات کے دوران میاں محمد طارق نے ان کی محنت کو سراہا اور کہا کہ آپ سب وزیراعلی پنجاب کے صاف ستھرے پنجاب کے خواب کو حقیقت میں بدلنے والے اصل ہیرو ہیں۔ آپ کی ایک ایک جھاڑو قوم کی صحت اور عزت کی ضامن ہے۔ کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ تحصیل حاصل پور اور دیگر یونین کونسل میں بلا امتیاز، بلا تفریق صفائی کا عمل جاری ہے۔ ہماری ٹیمیں روزانہ طے شدہ شیڈول کے مطابق کام کر رہی ہیں۔ شہریوں سے بھی اپیل ہے کہ وہ ہمارا ساتھ دیں، کوڑا کرکٹ صرف مختص کردہ مقامات پر ڈالیں تاکہ ہم حاصل پور شہر کو ضلع کا ماڈل شہر بنا سکیں

تاجر برادری کے مسائل حل کرنا اور ان کے حقوق کا تحفظ ہماری اولین ذمہ داری ہے

ہماری کوششوں اور جدوجہد کی وجہ سے حکومتی ادارے تاجروں کے مسائل حل کرنے کے لیے آن بورڈ ہیں



قائم پور (سپیشل رپورٹر) تاجر برادری کے مسائل حل کرنا اور ان کے حقوق کا تحفظ ہماری اولین ذمہ داری ہے، ہماری کوششوں اور جدوجہد کی وجہ سے حکومتی ادارے تاجروں کے مسائل حل کرنے کے لیے آن بورڈ ہیں۔ سید عامر شہزاد کو لیپ ٹاپ کمپیوٹر ایسوسی ایشن کا بھاری اکثریت سے صدر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ ملک عبدالحمید تفصیل کے مطابق متحدہ مرکزی انجمن تاجران ڈویژن بہاولپور کے صدر ملک عبدالحمید نے سید عامر شہزاد کو لیپ ٹاپ کمپیوٹر ایسوسی ایشن کا بھاری اکثریت سے صدر منتخب ہونے اور حلف برداری تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تاجر ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا ناجائز ٹیکسز، تجاوزات کے نام پر تنگ کرنا اور بجلی کے بلوں میں بے جا اضافہ جیسے مسائل پر اعلی حکام سے مذاکرات جاری ہیں اور بہت جلد خوشخبری ملے گی۔ انہوں نے کہا تاجروں کے حقوق کے تحفظ اور انکے مسائل حل کرنے کے لیے ہماری جدوجہد جاری ہے ہم کسی بھی تاجر کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ اس موقع پر ضلعی صدر حافظ خرم سلیم ڈپٹی صدر ظفر اقبال نائب صدر حافظ مبشر رحمان اور علی خان اور تاجر برادری نے ان کی کاوشوں کو سراہا اور بھرپور اعتماد کا اظہار کیا

نیو بس اسٹینڈ بنوں میں پاک اسلام آباد ٹریڈنگ اینڈ آئل ڈیلر کا شاندار افتتاح کر دیا گیا

سماجی شخصیات جمشید خان اور ملک سلیم وزیر نے کیا افتتاحی تقریب میں آمد پر دونوں مہمانان خصوصی کا پرتپاک استقبال کیا گیا



پشاور (نمائندہ خصوصی) نیو بس اسٹینڈ بنوں میں پاک اسلام آباد ٹریڈنگ اینڈ آئل ڈیلر کا شاندار افتتاح سماجی شخصیات جمشید خان اور ملک سلیم وزیر نے کیا افتتاحی تقریب میں آمد پر دونوں مہمانان خصوصی کا پرتپاک استقبال کیا گیا اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جمشید خان اور ملک سلیم وزیر نے کاروباری مرکز کے منتظمین کو عالمی شہرت یافتہ برانڈ ویلیولین آرامکو لبریکنٹ آئل بنوں میں متعارف کرانے پر مبارکباد پیش کی انہوں نے کہا کہ بنوں میں معیاری انجن آئل کی فراہمی کیلئے اس کاروباری مرکز کا قیام خوش آئند ہے، جس سے گاڑیوں کے مالکان کو معیاری مصنوعات کے حصول میں سہولت میسر آئے گی انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس اقدام سے علاقے میں کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا اور صارفین کو بین الاقوامی معیار کی مصنوعات مقامی سطح پر دستیاب ہوں گی منتظمین کے مطابق ویلیولین آرامکو لبریکنٹ آئل کی بنوں اور ڈیرہ اسماعیل خان ڈویژن میں تقسیم کے حقوق پاک اسلام آباد کے پاس ہیں تقریب میں کئی ڈیلرز حاجی عظیم اللہ اور حفیظ اللہ سمیت دیگر افراد نے بھی شرکت کی

صرف 15 دن میں اسکول کی شاندار کامیابی، بچوں کی پراعتماد پرفارمنس نے سب کے دل جیت لیے

محض 15 دن میں بچوں کی حوصلہ افزا کارکردگی نئی انتظامیہ اور اساتذہ کی محنت، لگن اور تعلیمی عزم کا واضح ثبوت ہے۔



شیر گڑھ (نامہ نگار) شیر گڑھ کے نواحی گاؤں چک نمبر 30 فارم میں پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے زیر انتظام اسکول کے حوالے سے علاقے میں پھیلائی جانے والی منفی افواہیں بچوں کی شاندار کارکردگی نے غلط ثابت کر دیں۔ نئی انتظامیہ کی تعلیم یافتہ، باصلاحیت اور پرعزم ٹیم نے محض 15 دن کی مختصر مدت میں اپنی محنت، بہترین تدریسی حکمت عملی اور موثر تربیت کے ذریعے بچوں کو اسٹیج پر پراعتماد انداز میں تقاریر کرنے اور مختلف سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لینے کے قابل بنا دیا۔ تقریب کے دوران بچوں کی شاندار پرفارمنس نے اہل علاقہ، والدین اور معزز مہمانوں کو بے حد متاثر کیا۔ اس موقع پر ملک کاشف، چیئرمین چک AL-3، رائے عتیق، صدر جماعتِ اسلامی رینالہ خورد، چوہدری دل محمد طارق، پرنسپل رینالہ خورد، عمران زاہد کھوکھر، صدر مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیر گڑھ، جنرل سیکرٹری حاجی غلام یسین کھوکھر، محمد یعقوب بھٹہ اور شکیل احمد بھٹی سمیت دیگر معززین اور والدین نے بھرپور شرکت کی اور بچوں کی صلاحیتوں کو سراہا۔ شرکا نے اسکول کی نئی انتظامیہ اور اساتذہ کی محنت کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ مخلص قیادت، بہترین تعلیمی ماحول اور محنتی اساتذہ کی کاوشوں سے مختصر وقت میں بھی نمایاں مثبت تبدیلی لائی جا سکتی ہے۔ بچوں کی شاندار کارکردگی اس حقیقت کی عکاس ہے کہ کسی بھی تعلیمی ادارے کی اصل پہچان افواہیں نہیں بلکہ اس کی عملی کارکردگی، طلبہ کی صلاحیتیں اور تعلیمی و تربیتی نتائج ہوتے ہیں۔ محض 15 دن میں بچوں کی حوصلہ افزا کارکردگی نئی انتظامیہ اور اساتذہ کی محنت، لگن اور تعلیمی عزم کا واضح ثبوت ہے۔

ایس ایچ او کی زیر نگرانی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں

گزشتہ روز پولیس نے دوران گشت ایک مشکوک شخص کو روک کر تلاشی لی تو اس کے قبضے سے مبینہ طور پر 2 ہزار گرام اعلی کوالٹی کی ہیروئن برآمد ہوئی

گگومنڈی (صادق جانباز) ایس ایچ او تھانہ گگومنڈی حسن آفتاب کیانی کی زیر نگرانی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ گزشتہ روز پولیس نے دوران گشت ایک مشکوک شخص کو روک کر تلاشی لی تو اس کے قبضے سے مبینہ طور پر 2 ہزار گرام اعلی کوالٹی کی ہیروئن برآمد ہوئی۔ پولیس نے منشیات قبضے میں لے کر ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا اور اسے گرفتار کر کے حوالات میں بند کر دیا۔ مقدمے کے تفتیشی افسر سب انسپکٹر شعیب منیر کے مطابق گرفتار ملزم سے حاصل ہونے والی معلومات کی روشنی میں منشیات فروشوں کے نیٹ ورک تک پہنچنے اور اس میں ملوث دیگر افراد کو گرفتار کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ منشیات کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف مزید سخت کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی۔ پولیس حکام کے مطابق منشیات کے خاتمے اور نوجوان نسل کو اس لعنت سے محفوظ رکھنے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بوریوالہ تائیکوانڈو چیمپئن شپ میں وہاڑی کے کھلاڑیوں کی شاندار کامیابی، خان ہسپتال میں حوصلہ افزائی کی تقریب، میڈلز اور شیلڈز تقسیم

بوریوالہ تائیکوانڈو چیمپئن شپ میں نمایاں کارکردگی، وہاڑی کے کھلاڑیوں کے اعزاز میں تقریب، میڈلز اور شیلڈز تقسیم



وہاڑی (شہزادا عابد سے) بوریوالہ میں چھٹی رشید میموریل تائیکوانڈو چیمپئن شپ میں تائیکوانڈو لورز فیملی کلب وہاڑی کے کھلاڑیوں کی بہترین کارکردگی پر خان ہسپتال پیر مراد وہاڑی کے زیر انتظام تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں چیف ایگزیکٹو خان ہسپتال ڈاکٹر محمد خان رانا، سماجی شخصیت مہر محمد الیاس، سابقہ صدر پرائیویٹ سکول ایسوسی ایشن محمد سرفراز پھوڑ، ڈاکٹر زین دلشاد رانا نے خصوصی شرکت کی بچوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے میڈلز تقسیم کیے مہمان گرامی نے چیف کنٹرولر تائیکوانڈو لورز فیملی کلب شہزاد بھٹی کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے شیلڈ پیش کی مہمان گرامی نے کھلاڑیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بچوں آپ کے لیے تعلیم کے ساتھ ساتھ جسمانی نشوونما جاری رکھنا بہت ضروری ہے تائیکوانڈو سیکھنے سے آپ اپنی حفاظت خود کر سکتے ہیں مہمان گرامی نے بچوں کو بوریوالا میں ہونے والی چیمپئن شپ میں اچھی کارکردگی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے شہزاد بھٹی کو بچوں کی بہترین تربیت کرنے پر خراج تحسین پیش کیا چیف کنٹرولر تائیکوانڈو لورز فیملی کلب شہزاد بھٹی نے مہمان گرامی، تابعدار گروپ کے صدر میاں اصغر علی مغل اور خان ہسپتال کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر خان محمد رانا کا تعاون پر شکریہ ادا کیا آخر میں بچوں میں شیلڈز تقسیم کی گئیں اور دہشتگردی کے خلاف کامیاب کارروائیوں میں شہید ہونے والے افواج پاکستان کے جوانوں کو سلام پیش کیا گیا

گاڑیوں کی نمبر پلیٹ میں رد و بدل کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی جام مزمل حسین پھوڑ

جام مزمل حسین پھوڑ نے واضح کیا کہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی



رکن پور (نمائندہ خصوصی) پنجاب ہائی وے پٹرول پل سموکا کے انچارج جام مزمل حسین پھوڑ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گاڑی مالکان کو چاہیے کہ وہ اپنی گاڑی کی نمبر پلیٹ نمونہ کے مطابق رکھیں۔ ٹوٹی ہوئی نمبر پلیٹ، پلیٹ پر کسی نمبر کو مٹانا، ٹیپ لگانا یا پلیٹ کے اوپر لائٹ لگانا اس نیت سے کہ ای چالان سے بچا جا سکے تو ایسا کرنے کی صورت میں ایف آئی آر کا سامنا کرنا پڑے گا۔ گاڑی کی چھت پایائیدان پر اوورلوڈ سواریاں، دھواں چھوڑتی گاڑیاں، کم عمر ڈرائیورز کے خلاف پنجاب ہائی وے پٹرولنگ پولیس بلا امتیاز کارروائیاں کرنے میں مصروف عمل ہے۔ کسی سے کوئی رعایت نہ کی جائے گی قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی

جھوٹے مقدمہ میں حق اور سچ کی فتح ملک عباس لنگڑیال ایڈووکیٹ نے مخالفین کو عبرتناک شکست دے دی

معزز عدالت نے معروف قانون دان ملک عباس لنگڑیال ایڈووکیٹ کے دلائل سے اتفاق کرتے ہوئے فیصلہ صحافی ناصر بریند کے حق میں سنایا،



وہاڑی (نامہ نگار) وہاڑی کے مشہور مقدمہ ایف آئی آر نمبر 512/26 میں حق اور سچ کی فتح ہو گئی۔ معروف قانون دان ملک عباس لنگڑیال ایڈووکیٹ نے عدالت میں بہترین اور مدلل دلائل پیش کرتے ہوئے مخالفین کو عبرتناک شکست سے دوچار کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق یہ مقدمہ لائٹ برانچ انچارج عمر فاروق کی مدعیت میں صحافی ناصر بریند کے خلاف درج کیا گیا تھا۔ جس پر عدالت میں سماعت کے دوران معروف قانون دان ملک عباس لنگڑیال ایڈووکیٹ نے تمام الزامات کو حقائق اور قانون کے منافی ثابت کیا۔ معزز عدالت نے معروف قانون دان ملک عباس لنگڑیال ایڈووکیٹ کے دلائل سے اتفاق کرتے ہوئے فیصلہ صحافی ناصر بریند کے حق میں سنایا، جس پر وکلا برادری اور اہل علاقہ نے ان کی قانونی مہارت کو خوب سراہا

معروف سیاسی و سماجی رہنما سردار مہدی خان چدھڑ کی ڈی جی علی ناصر رضوی سے ملاقات ہوئی

جس میں وہاڑی کے اہم سماجی و انتظامی مسائل اور امن و امان کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا



وہاڑی (شہزادا عابد سے) سردار مہدی خان چدھڑ کی ڈی جی این سی آئی اے پاکستان و چیئرمین پولیس فاؤنڈیشن پاکستان سید علی ناصر رضوی سے ملاقات وہاڑی کے مسائل پر گفتگو معروف سیاسی و سماجی رہنما سردار مہدی خان چدھڑ نے ڈی جی علی ناصر رضوی سے ملاقات کی، جس میں وہاڑی کے اہم سماجی و انتظامی مسائل اور امن و امان کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران سردار مہدی خان چدھڑ نے وہاڑی کے عوام کو درپیش مشکلات سے آگاہ کیا، جس پر ڈی جی سید علی ناصر رضوی نے مسائل کے فوری حل کی یقین دہانی کرائی۔ ڈی جی سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ میرا محکمہ اور عوام کا باہمی اعتماد ہی پر امن معاشرے کی ضمانت ہے۔ محکمہ عوام کے جان و مال کے تحفظ، قانون کی بالادستی اور جرائم کے خاتمے کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔ وہاڑی کے شہریوں کو انصاف کی فراہمی اور میرٹ پر مبنی پولیسنگ ہماری اولین ترجیح ہے، اور عوام کا تعاون اس عزم کی تکمیل میں سب سے بڑی قوت ہے۔

معروف صنعت کار میاں ریحان اشرف کی المناک شہادت پر اظہار افسوس قاتلوں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ

اس کے ساتھ ساتھ شہر بھر میں ڈکیتی، چوری اور دیگر وارداتوں کے سدِ باب کے لیے گشت اور سیکیورٹی اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے



فیصل آباد (میاں زاہد محمود سے) معروف صنعت کار جسہ ایلٹی کمپنی کے اونر میاں ریحان اشرف کی المناک شہادت پر دلی افسوس اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔ اللہ تعالی مرحوم کو غریق رحمت کرے، ان کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو یہ عظیم صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین تاجر برادری اور شہریوں کا یہ غصہ اور تشویش بالکل بجا ہے۔ شہر میں امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنا اور شہریوں و تاجروں کے جان و مال کا تحفظ کرنا حکومت اور پولیس انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ مرکزی میلاد کمیٹی، چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور انجمن تاجران گلیاں وکیلاں والی فیصل آباد کے اس پرزور مطالبے کے پیش نظر: حکومتِ پنجاب، آر پی او (RPO) فیصل آباد اور سی پی او (CPO) فیصل آباد سے پرزور اپیل ہے کہ اس سنگین واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی جائیں، جدید ترین ٹیکنالوجی اور سائنسی شواہد کی مدد سے قاتلوں کو جلد از جلد گرفتار کیا جائے اور انہیں قانون کے مطابق عبرتناک سزا دی جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ شہر بھر میں ڈکیتی، چوری اور دیگر وارداتوں کے سدِ باب کے لیے گشت اور سیکیورٹی اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے۔ ہم تاجر برادری اور متاثرہ خاندان کے غم اور اس منصفانہ مطالبے میں برابر کے شریک ہیں۔

معروف صنعت کار میاں ریحان اشرف ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جاں بحق، تاجر برادری سوگوار

ہر طبقہ فکر کے لوگ موجود تھے سوگوار فضا تھی مولانا نے فکر آخرت پر درس دیا اور صبر جمیل اور دعائے مغفرت کی



فیصل آباد (ساجد علی سے) معروف صنعت کار جسہ ایلٹی کمپنی کے اونر میاں محمد اشرف قادری کے جواں سال صاحبزادے حافظ قران میاں ریحان اشرف کی المناک موت کا بہت دکھ ہوا انا للہ وانا الیہ راجعون میاں ریحان اشرف فیصل آباد کے معروف صنعت کار اور بزنس مین تھے وہ فیملی کے ہمراہ چناب کلب میں ڈنر پر آئے تھے اپنی لینڈ کروزر گاڑی پارکنگ پر لگا تھوڑی دیر بعد انہیں پتہ چلا کہ ان کی گاڑی چوری ہو رہی ہے پارکنگ سے ٹریکر کے ذریعے معلوم ہوا ٹریکر مالکان کو کال کی تو پتہ چلا کہ گاڑی جڑانوالہ روڈ کی طرف جا رہی ہے وہ وہاں پہنچے تو گاڑی نظر آ گئی ڈاکوؤں کو پتہ چلا کہ اس کا مالک وہ سامنے آ گیا ہے تو انہوں نے میاں ریحان اشرف پر فائرنگ شروع کر دی گولی میاں ریحان اشرف کی گردن پر لگی جس کے نتیجے میں وہ موقع پر دم توڑ گئے ایک بڑے معروف صنعت کار کے ساتھ اتنا دیدہ دلیری سے یہ المناک واقعہ کا پیش آنا انتظامیہ پر بڑا سوالیہ نشان چھوڑتا ہے چناب کلب جیسی ایلیٹ کلاس کلب کے باہر سے گاڑی کا چوری ہونا کوئی معمولی بات نہیں ہے لینڈ کروزر گاڑی اتنی آسانی سے چوری کرنا بہت سارے سوالات چھوڑ رہا ہے فیصل آباد کی تاجر برادری وکلا برادری صحافی برادری تمام لوگ اس واقعہ پر پریشان اور دکھی ہیں کہ یہ واقعہ اتنی بارونق روڈ پر کیسے رونما ہو گیا ابھی تک افسردہ اور سوگوار فضا ہے بہت ہی شریف النفس انسان تھے حافظ قرآن تھے ان کی وجہ سے ہزاروں لوگوں کو روزگار مل رہا تھا ان کے والد محترم ہمارے بزرگ دوست میاں محمد اشرف قادری صاحب انتہائی شریف النفس غم خوار لوگوں کی خدمت کرنے والے دین دار شریف النفس انسان ہے ان کے لیے جوان سال بیٹے کی موت بہت بڑے صدمے اور دکھ کا باعث ہے ہم ان کے دکھ میں برابر شریک ہیں اور ان کے لیے دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالی ان کو صبر جمیل عطا فرمائے ان کے بیٹے کی مغفرت فرمائے اس کی بیوہ اور والدہ اور میاں ریحان اشرف کے اکلوتے صاحبزادے محمد ابراہیم اور صاحبزادی کو اللہ صبر جمیل عطا فرمائے کہ وہ اپنے شفیق باپ سے محروم ہو گئے اللہ تعالی والدہ محترمہ کو بھی صبر جمیل عطا فرمائے پوری فیملی کو یہ دکھ برداشت کرنے کی ہمت اور توفیق دے میں اپنے دوست میاں محمد حسنین غفار صاحب کی اطلاع پر مرحوم کے ختم قلو ایصال ثواب کے لیے منعقدہ محفل میں شرکت کی کنال پارک جسہ ہاس پہنچا تو وہاں سینکڑوں لوگ موجود تھے نماز عصر ادا کی جا رہی تھی ہر طبقہ فکر کے لوگ موجود تھے سوگوار فضا تھی مولانا نے فکر آخرت پر درس دیا اور صبر جمیل اور دعائے مغفرت کی ہے

صاف پانی ایجنسی عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے متحرک ہے

دونوں واٹر فلٹریشن پلانٹس صبح 6 بجے سے 9 بجے تک، دوپہر 12 بجے سے 2 بجے تک اور شام 4 بجے سے 7 بجے تک کھلے رہیں گے



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ کی ہدایت پر صاف پانی ایجنسی عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے متحرک ہے۔ اس سلسلے میں شرقی کالونی اور چیلز کالونی نزد ریلوے پھاٹک میں قائم واٹر فلٹریشن پلانٹس کے فلٹرز تبدیل کر دیے گئے ہیں، جبکہ شہریوں کی سہولت کے لیے پلانٹس کے اوقات کار بھی جاری کر دیے گئے ہیں۔ جاری کردہ شیڈول کے مطابق دونوں واٹر فلٹریشن پلانٹس صبح 6 بجے سے 9 بجے تک، دوپہر 12 بجے سے 2 بجے تک اور شام 4 بجے سے 7 بجے تک کھلے رہیں گے۔ ان اقدامات کا مقصد شہریوں کو صاف اور محفوظ پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔

ایس ایچ او یونس عباسی کی تعیناتی سے علاقے میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہوئی ہے شہری حلقے

شہریوں نے مزید کہا کہ آپ ایک ہونہار محکمہ پولیس میں ہر دلعزیز اور یادگار شخصیت کے طور پر پہچانے جاتے ہیں



رکن پور (نمائندہ خصوصی) رحیم یار خان تھانہ سٹی سی ڈویژن کے SHO یونس عباسی کی تعیناتی سے علاقے میں امن ہوا ہے شہری تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او محمد یونس عباسی میرٹ پسند اور عوام دوست آفیسر ہیں، تھانہ سٹی سی ڈویژن رحیم یار خان میں تعینات ایس ایچ او محمد یونس عباسی محنتی پولیس آفیسر ہیں۔ انکی کارکردگی تسلی بخش ہے جبکہ شہری حلقوں میں انکی کارکردگی کو خوب سراہا جا رہا ہے، دوسری طرف اسسٹنٹ سب انسپکٹر ملک سراج احمد ایک ملنسار، خوش اخلاق اور عظیم شخصیت کے مالک ہیں آپکی تھانہ سی ڈویژن میں تعیناتی پر کاروباری، تاجر اور شہریوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی، ملک سراج احمد ایک تفتیشی آفیسر ہیں، اور میرٹ پسند ہیں، اس موقع پر شہریوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم امید کرتے ہیں کہ انکی تعیناتی سے علاقے میں امن قائم ہوگا، شہریوں نے مزید کہا کہ ان کی زندگی کا سب سے خوبصورت پہلو یہ ہے کہ وہ ہمیشہ مسکراہٹ سجائے رکھتے ہیں اور دوسروں کے دلوں کو اپنے نرم لہجے اور خوش مزاجی سے جیت لیتے ہیں بلکہ اسسٹنٹ سب انسپکٹر ملک سراج احمد ایک قانون کی سمجھ بوجھ رکھنے اور انصاف پسند آفیسر ہیں، شہریوں نے مزید کہا کہ آپ ایک ہونہار محکمہ پولیس میں ہر دلعزیز اور یادگار شخصیت کے طور پر پہچانے جاتے ہیں

تمام ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی میٹریل کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے کمشنر

انہوں نے ہدایت کی کہ سکولوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی موثر نگرانی کی جائے تاکہ طلبہ و طالبات کو محفوظ، صاف ستھرا اور بہتر تعلیمی ماحول میسر آ سکے۔



ساہیوال (منیر ساجد ارائیں) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت سٹریٹجک مینجمنٹ یونٹ (SMU) کے تحت ڈویژن بھر کے سکولوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل محمد عمران خان، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ حافظ محمد ظفر، ڈویژنل ڈائریکٹر سیکنڈری ایجوکیشن خادم حسین موہل، سی ای او ایجوکیشن میاں محمد خالد علیم، ایس ایم یو ساہیوال ڈویژن کے ایسوسی ایٹ انجینئر رانا بلال خان سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں سی ای او ایجوکیشن نے سٹریٹجک مینجمنٹ یونٹ کے تحت ڈویژن بھر کے سکولوں میں جاری ترقیاتی کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں سکولوں کی باؤنڈری وال، ٹوائلٹ بلاکس، اضافی کلاس رومز کی تعمیر اور خستہ حال سکولوں کی عمارتوں کی بہتری کے منصوبوں پر پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی میٹریل کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور کام مقررہ ڈیڈ لائن کے اندر مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی کاموں کی بروقت تکمیل کے ساتھ تعمیراتی معیار کو یقینی بنانا بھی متعلقہ افسران کی ذمہ داری ہے۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا کہ حکومت پنجاب تعلیم کے شعبے پر خطیر وسائل خرچ کر رہی ہے، جس کا مقصد طلبہ و طالبات کو بہتر تعلیمی سہولیات اور سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سکولوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی موثر نگرانی کی جائے تاکہ طلبہ و طالبات کو محفوظ، صاف ستھرا اور بہتر تعلیمی ماحول میسر آ سکے۔

کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل سے میئر روچڈیل فیصل رانا کی ملاقات ہوئی

حکومت پنجاب عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، شہری ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے موثر اقدامات کر رہی ہے۔



ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) برطانیہ کے شہر روچڈیل کے میئر کونسلر فیصل رانا کی قیادت میں وفد نے کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل سے ملاقات کی، جس میں ساہیوال اور روچڈیل کے مابین جڑواں شہروں کی شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے، مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد میں ڈپٹی لیڈر روچڈیل محمد ارشاد، میئر کنسورٹ بشارت عمر، چیئرمین روچڈیل و ورکنگ پارٹی ساہیوال و صدر روٹری کلب ساہیوال سینٹرل چوہدری ممتاز احمد، چیئرمین الحمود فاؤنڈیشن طاہر محمود اور سیکرٹری غلام رسول شہزاد شامل تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ساہیوال کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی اور چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن شیخ اشفاق احمد بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران وفد نے ساہیوال کے شہری و دیہی علاقوں کو درپیش مسائل اور عوامی ضروریات سے کمشنر کو آگاہ کیا۔ ڈاکٹر آصف طفیل نے وفد کی تجاویز کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ مسائل کے حل کے لیے ضروری اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا کہ حکومت پنجاب عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، شہری ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے موثر اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ساہیوال اور روچڈیل کے مابین جڑواں شہروں کی شراکت داری کو عملی تعاون میں ڈھال کر ترقیاتی تجربات کے تبادلے اور شہری سہولیات میں بہتری کے امکانات سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ وفد کا یہ دورہ دونوں شہروں کے مابین تعلقات کو مزید مستحکم کرنے اور باہمی تعاون کے نئے مواقع پیدا کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔

گگومنڈی: پولیس کی کارروائی، 25 لیٹر دیسی شراب برآمد، ملزم کے خلاف مقدمہ درج

کر ملزم جاوید مسیح کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے، جبکہ واقعے کے حوالے سے مزید قانونی کارروائی جاری ہے

گگومنڈی (نامہ نگار) تھانہ گگومنڈی پولیس نے مخبر خاص کی اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے مبینہ شراب فروش کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 25 لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی۔ پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق اے ایس آئی شاہد بشیر کو مخبر خاص کے ذریعے اطلاع موصول ہوئی کہ چک نمبر 187 ای بی کا رہائشی جاوید مسیح ولد عمانوئل مسیح مبینہ طور پر دیسی شراب لے کر گگومنڈی کی جانب آ رہا ہے۔ اطلاع ملنے پر اے ایس آئی شاہد بشیر نے کانسٹیبلان اصغر علی، صدر دین اور بلال کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو روک کر تلاشی لی، جس کے دوران اس کے قبضے سے ایک کین میں موجود 25 لیٹر مبینہ دیسی شراب برآمد ہوئی۔ پولیس نے برآمد شدہ شراب قبضے میں لے کر ملزم جاوید مسیح کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے، جبکہ واقعے کے حوالے سے مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

محکمہ زراعت توسیع اور سرسبز فرٹیلائزر کے اشتراک سے گندم اگاؤ مہم کے سلسلے میں آگاہی سیمینار منعقد ہوا

ضلع بھر میں 2 لاکھ 88 ہزار ایکڑ رقبے پر گندم کاشت کی گئی جبکہ سال 27-2026 کے لیے ہدف بڑھا کر 3 لاکھ 6 ہزار 500 ایکڑ مقرر کیا گیا ہے



ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) محکمہ زراعت توسیع اور سرسبز فرٹیلائزر کے اشتراک سے گندم اگاؤ مہم کے سلسلے میں آگاہی سیمینار منعقد ہوا جس کے مہمان خصوصی ممبر صوبائی اسمبلی محمد ارشد ملک تھے۔ سیمینار میں ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع ڈاکٹر طاہر جاوید، ڈویلپمنٹ منیجر عمران حمید اور ظفر اقبال سمیت کاشتکاروں، ترقی پسند زمینداروں، زرعی و سیڈ کمپنیوں کے نمائندگان اور سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ ممبر صوبائی اسمبلی محمد ارشد ملک نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گندم ملکی غذائی ضروریات پوری کرنے میں بنیادی اہمیت رکھتی ہے اس لیے کاشتکاروں کی رہنمائی، جدید زرعی طریقوں کے فروغ اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کے لیے مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع ڈاکٹر طاہر جاوید نے بتایا کہ گزشتہ سال ضلع بھر میں 2 لاکھ 88 ہزار ایکڑ رقبے پر گندم کاشت کی گئی جبکہ سال 27-2026 کے لیے ہدف بڑھا کر 3 لاکھ 6 ہزار 500 ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ زراعت کی فیلڈ ٹیمیں کاشتکاروں کو بروقت کاشت، منظور شدہ اقسام، معیاری بیج، متوازن کھادوں اور جدید زرعی ٹیکنالوجی کے استعمال سے متعلق رہنمائی فراہم کر رہی ہیں جبکہ معیاری بیج، کھادوں اور زرعی ادویات کی مقررہ نرخوں پر دستیابی اور محکمہ انہار کے تعاون سے گندم کی فصل کے لیے نہری پانی کی بروقت فراہمی کے اقدامات بھی جاری ہیں۔ سیمینار میں گندم کی بہتر پیداوار، فصل کی نگہداشت، گندم کی سرکاری قیمت 4,500 روپے فی من اور کھادوں پر سبسڈی سے متعلق حکومتی اقدامات پر آگاہی فراہم کی گئی۔ تقریب میں گزشتہ سال گندم کی زیادہ پیداوار حاصل کرنے والے کاشتکاروں میں سرسبز فرٹیلائزر کی جانب سے ٹریکٹرز سمیت بیش قیمت انعامات تقسیم کیے گئے۔ شرکا نے حکومت پنجاب کی طرف سے زراعت کی بہتری کیلئے جاری کوششوں کو سراہتے ہوئے گندم کی کاشت کے مقررہ ہدف کے حصول کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت پرائس کنٹرول، آٹا کی فراہمی اور گندم کی کاشت کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا

اجلاس میں اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں، گندم سٹاک، نقل و حمل اور گندم کی کاشت کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات پر بریفنگ دی گئی



وہاڑی (عبدالغفار) ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ کی زیر صدارت پرائس کنٹرول، آٹا کی فراہمی اور گندم کی کاشت کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں، گندم سٹاک، نقل و حمل اور گندم کی کاشت کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے ہدایت کی ہے کہ آٹے سمیت اشیائے ضروریہ کی مقررہ سرکاری نرخوں پر فروخت یقینی بنائی جائے اور گندم کی غیر قانونی نقل و حمل روکنے کے لیے ضلع کے داخلی و خارجی راستوں اور چیک پوسٹوں پر نگرانی مزید سخت کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ افسران عوام کو ریلیف کی فراہمی اور پرائس کنٹرول کے مقررہ اہداف بروقت حاصل کریں۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے ہدایت کی کہ ماہ رمضان میں اشیائے ضروریہ کی وافر دستیابی یقینی بنانے کے لیے ابھی سے موثر اقدامات کیے جائیں۔ کولڈ سٹوریج مالکان سے رابطہ کر کے ضرورت کے مطابق پھلوں کی مناسب سٹوریج کے انتظامات کیے جائیں انہوں نے مزید ہدایت کی کہ سرکاری اراضی، عارضی کاشت کی اراضی اور نمبرداری گرانٹس پر گندم کی کاشت یقینی بنائی جائے۔ اپنا کھیت اپنا روزگار سکیم کے تحت اراضی حاصل کرنے والے الاٹیز کو بھی گندم کی کاشت کی ترغیب دی جائے تاکہ گندم کی پیداوار میں اضافہ اور آئندہ ضروریات کے لیے مناسب ذخائر یقینی بنائے جا سکیں۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ محمد عثمان جلیس، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز غلام مرتضی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز مرزا راحیل بیگ، اسسٹنٹ کمشنر وہاڑی انعم اکرم، ایس ڈی ای او پیرا ریاض احمد جوئیہ، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع رانا محمد عارف، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد افضال، ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز میاں نعیم عاصم، ای اے ڈی اے مدیحہ غفار، ایس این اے منیب احمد اور ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر مشتاق بلوچ سمیت دیگر متعلقہ افسران موجود تھے۔